4184- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ وَّهَيْثَمُ بْنُ جَمِيْلٍ قَالَا حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ جَابِرٍ عَنْ اَبِىْ جَعْفَرٍ قَالَ اِنَّمَا بَاعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِدْمَةَ الْمُدَبَّرِ .قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ لَمْ اَجِدْ فِيْهِ حَدِيْثًا غَيْرَ هٰذَا وَاَبُوْ جَعْفَرٍ وَّاِنْ كَانَ مِنَ الثِّقَاتِ فَاِنَّ حَدِيْثَهٗ هٰذَا مُرْسَلٌ.

☆☆ ابوجعفر نامی راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدبرہ کنیز کی خدمات کو فروخت کیا تھا۔ ابوبکر نامی راوی بیان کرتے ہیں: مجھے اس بارے میں صرف یہی حدیث مل سکی ہے اور ابوجعفر نامی راوی اگرچہ ثقہ ہیں' لیکن ان کی روایت ''مرسل'' ہے۔

4185- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَرِيفٍ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا بَاْسَ بِبَيْعِ خِدْمَةِ الْمُدَبَّرِ اِذَا احْتَاجَ . هٰذَا خَطَاٌ مِنِ ابْنِ طَرِيفٍ وَّالصَّوَابُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ اَبِىْ جَعْفَرٍ مُرْسَلًا وَّقَدْ تَقَدَّمَ.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: مدبر کی خدمات فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے' جبکہ وہ ضرورت مند ہو۔

ابن طریف نامی راوی کے حوالے سے منقول ہونے کے اعتبار سے یہ روایت غلط ہے' صحیح روایت یہ ہے کہ اسے عبدالملک نامی راوی نے ابوجعفر نامی راوی سے ''مرسل'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے اور یہ روایت پہلے گزر چکی ہے۔

4186- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْمُقَوِّمُ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَيْعِ الْمُدَبَّرِ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدبر کو فروخت کرنے کا حکم دیا ہے۔

4187- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ وَّيَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ قَالَا حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَلِىٌّ

٤١٨٤—اخرجه البيهقي في سننه (١٠/٣١٤) من طريق شعبة عن الحكم عن ابي جعفر' به مرسلا' وقال: (واخرجه—ايضا— جابر الجعفي عن ابي جعفر هكذا مرسلا و ذكره الشافعي في القديم عن حجاج يعني ابن ارطاة عن ابي جعفر)- اه-قلت: و جابر الجعفي ضعيف وقد تقدمت ترجمته و الحجاج هو ابن ارطاة و هو ضعيف ايضا' و قد تقدمت ترجمته كذلك- لكن الحديث اخرجه الحكم— و هو ابن عتيبة— و هو ثقة' روى له الجماعة' وقد تقدمت رواية عبد الملك عن ابي جعفر قبل ذلك-

٤١٨٥—اخرجه البيهقي (١٠/٣١١) من طريق محمد بن نسيح : تنا محمد بن طريف: تنا محمد بن فضيل' به-قال البيهقي: (محمد بن طريف— رحمنا الله و اياه— دخل له حديث في حديث؛ لان الثقات انما رووا عن عبد الملك بن ابي سليمان عن عطاء عن جابر ان رجلا اعتق غلاما عن دبر منه' و لم يكن له مال غيره' فامر به رسول الله صلى الله عليه وسلم فبيع بتسعمائة او بسبعمائة— و عن عبد الملك بن ابي سليمان عن ابي جعفر قال: باع رسول الله صلى الله عليه وسلم خدمة المدبر)- اه-

٤١٨٦—اخرجه البيهقي (١٠/٣١٣) من طريق عقبة بن مكرم: تنا سلم بن قتيبة: به- و اخرجه البخاري (٢٤١٥)' و النسائي في الكبرى؛ كما في تحفة الاشراف (٣٠٧٧)' و احمد (٣/٣٩٢) من طرق عن ابن ابي ذئب عن محمد بن المنكدر' به-

بْنُ ظَبْيَانَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُدَبَّرُ مِنَ الثُّلُثِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: مدبر (کی آزادی کا فیصلہ میت کے) ایک تہائی مال میں سے ہوگا۔

4188- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَلَاءِ الْكَاتِبُ وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ وَّجَمَاعَةٌ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ الْجَزَرِىُّ عَنْ عَمِّهٖ عَبِيْدَةَ بْنِ حَسَّانَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْمُدَبَّرُ لَا يُبَاعُ وَلَا يُوْهَبُ وَهُوَ حُرٌّ مِنَ الثُّلُثِ . لَمْ يُسْنِدْهُ غَيْرُ عَبِيْدَةَ بْنِ حَسَّانَ وَهُوَ ضَعِيْفٌ وَّاِنَّمَا هُوَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَوْقُوْفٌ مِنْ قَوْلِهٖ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: مدبر غلام کو فروخت نہیں کیا جاسکتا' اسے ہبہ نہیں کیا جاسکتا' (میت کے) ایک تہائی مال میں سے وہ آزاد شمار ہوگا۔

اس روایت کو صرف عبیدہ بن حسان نامی راوی نے سند کے ساتھ نقل کیا ہے اور یہ راوی ضعیف ہے۔ یہ روایت حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے ''موقوف'' روایت کے طور پر یعنی ان کے اپنے قول کے طور پر منقول ہے۔

4189- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ كَرِهَ بَيْعَ الْمُدَبَّرِ .هٰذَا هُوَ الصَّحِيْحُ مَوْقُوْفٌ وَّمَا قَبْلَهٗ لَا يَثْبُتُ مَرْفُوْعًا وَرُوَاتُهٗ ضُعَفَاءُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ مدبر کو فروخت کرنے کو مکروہ سمجھتے تھے۔
یہی روایت مستند ہے اور یہ روایت ''موقوف'' ہے۔ اس سے پہلے کی روایت جو ''مرفوع'' حدیث کے طور پر منقول ہے' وہ ثابت نہیں ہے اور اس کے راوی ضعیف ہیں۔

4190- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِىُّ وَالْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَّاِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَانِئٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ عَطَاءٍ وَّاَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَجُلًا مَّاتَ

٤١٨٧–اخرجه ابن ماجه في سننه (٤/١٤٠–١٤١)(٢٥١٤): حدثنا عثمان بن ابي شيبة' حدثنا علي بن ظبيان...... فذكره' وقال ابن ماجه: سمعت عثمان– يعني– ابن ابي شيبة– يقول: هذا خطا– يعني: حديث: (المدبر من الثلث)– وقال ابن ماجه: ليس له اصل– روى ابن ابي حاتم في العلل (٢/ ٤٣٢) عن ابي زرعة قال: هذا حديث باطل' و امتنع من قراء ته–و صوب ابن ابي حاتم و قفه على ابن عمر' و كذا صنع البيهقي في سننه (١٠/ ٣١٣–٣١٤)– و له طريق آخر عن نافع' لكنه ضعيف؛ لضعف عبيدة بن حسن' كما سياتي عند المصنف (٤١٨٩)–

٤١٨٨–اخرجه البيهقي (١٠/ ٣١٤) من طريق الدارقطني' به و عبيدة بن حسان ضعيف؛ كما قال المصنف رحمه الله– و قال ايضا: متروك؛ كما في (سوالات البرقاني)(٣٢٨) و نقل الزيلعي في نصب الراية (٣/ ٢٨٥) عن الدارقطني انه قال في العلل: (هذا حديث يرويه عبيد الله بن عمر' و ايوب و اختلف عنهما' فاخرجه علي بن ظبيان عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر مرفوعا' و غير ابن ظبيان يرويه موقوفا– واخرجه عبيدة بن حسان عن ايوب عن نافع عن ابن عمر مرفوعا' و غير عبيدة بن حسن يرويه موقوفا' و الموقوف اصح)– اه–

٤١٨٩–اخرجه البيهقي (١٠/ ٣١٣–٣١٤) من طريق يحيى بن يحيى' انبا حماد...... فذكره – و انظر رقم (٤١٨٧)(٤١٨٨)–

وَتَرَكَ مُدَبَّرًا وَدَيْنًا فَأَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّبِيْعُوْهُ فِيْ دَيْنِهٖ فَبَاعُوْهُ بِثَمَانِمِائَةٍ . قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ قَوْلُ شَرِيْكٍ اَنَّ رَجُلًا مَاتَ خَطَأٌ مِنْهُ لِاَنَّ فِيْ حَدِيْثِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ وَّدَفَعَ ثَمَنَهٗ اِلَيْهِ وَقَالَ اقْضِ دَيْنَكَ . وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ وَّاَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ سَيِّدَ الْمُدَبَّرِ كَانَ حَيًّا يَوْمَ بَيْعِ الْمُدَبَّرِ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک شخص فوت ہو گیا' اس نے ایک مدبر غلام کو بھی چھوڑا اور کچھ قرض بھی چھوڑا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ورثاء کو یہ حکم دیا کہ وہ اس قرض کی ادائیگی کے لیے اس مدبر غلام کو فروخت کر دیں' تو ان لوگوں نے اس غلام کو آٹھ سو (درہم) کے عوض میں فروخت کیا۔

ابوبکر نامی محدث نے یہ بات بیان کی ہے کہ روایت کے یہ الفاظ: ایک شخص فوت ہو گیا' اس میں راوی کو غلطی ہوئی ہے کیونکہ دیگر راویوں نے یہ بات نقل کی ہے: (اس کے آقا نے خود اس غلام کو آزاد کیا تھا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس غلام کی قیمت اس کے آقا کو ادا کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ اس کے ذریعے تم اپنا قرض ادا کر لو۔

اسی طرح دیگر راویوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے کہ جس دن اس غلام کو فروخت کیا گیا تھا' اس وقت اس کا آقا زندہ تھا۔

4191- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيٰى بْنَ سَعِيْدٍ يَقُوْلُ اَخْبَرَنِي ابْنُ عَمْرَةَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَارِثَةَ- وَهُوَ اَبُو الرِّجَالِ- عَنْ عَمْرَةَ اَنَّ عَائِشَةَ اَصَابَهَا مَرَضٌ وَّاَنَّ بَعْضَ بَنِيْ اَخِيْهَا ذَكَرُوْا شَكْوَاهَا لِرَجُلٍ مِّنَ الزُّطِّ يَتَطَبَّبُ وَاَنَّهٗ قَالَ لَهُمْ اِنَّكُمْ لَتَذْكُرُوْنَ امْرَاَةً مَسْحُوْرَةً سَحَرَتْهَا جَارِيَةٌ لَهَا فِيْ حِجْرِ الْجَارِيَةِ الْاٰنَ صَبِيٌّ قَدْ بَالَ فِيْ حِجْرِهَا فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِعَائِشَةَ فَقَالَتِ ادْعُوْا لِيْ فُلَانَةَ . لِجَارِيَةٍ لَهَا فَقَالُوْا فِيْ حِجْرِهَا فُلَانٌ- صَبِيٌّ لَهُمْ- قَدْ بَالَ فِيْ حِجْرِهَا . فَقَالَتِ ائْتُوْنِيْ بِهَا فَاُتِيَتْ بِهَا فَقَالَتْ سَحَرْتِيْنِيْ قَالَتْ نَعَمْ . قَالَتْ لِمَهْ قَالَتْ اَرَدْتُ اَنْ اُعْتَقَ . وَكَانَتْ عَائِشَةُ اَعْتَقَتْهَا عَنْ دُبُرٍ مِّنْهَا . فَقَالَتْ اِنَّ لِلّٰهِ عَلَيَّ اَنْ لَّا تُعْتَقِيْ اَبَدًا انْظُرُوْا اَسْوَاَ الْعَرَبِ مَلَكَةً فَبِيْعُوْهَا مِنْهُمْ وَاشْتَرَتْ بِثَمَنِهَا جَارِيَةً فَاَعْتَقَتْهَا.

۴۱۹۰- اخرجه احمد (۳/۳۶۵): حدثنا الفضل بن دکین: حدثنا شریك ...... فذکره- و شریك هو ابن عبد الله القاضي' و هو ضعیف' و قد خولف : کما اشار الیه المصنف رحمه الله-واما حدیث الاعمش: فاخرجه النسائي في الصغری (۸/۲۴۶)' و في الکبری- کما في تحفة الاشراف (۲۴۱۶)- من طریقین عن محاضر ابن المورع عن الاعمش' به-و اما روایة عمرو بن دینار: فاخرجها البخاري (۲۲۳۱)' (۲۵۳۴)' (۶۷۱۶)' (۶۹۴۷)' و مسلم (۳/۱۲۸۹) رقم (۹۹۷/۵۸' ۵۹)' و الترمذي (۱۲۱۹)' و ابن ماجه (۲۵۱۳)' و ابن الجارود (۹۸۳)' (۹۸۴)' و ابن حبان (۴۹۳۰)' و البیهقي (۱۰/۳۰۸' ۳۰۹) من طرق عن عمرو ابن دینار' به-واما روایة ابي الزبیر عن جابر: فاخرجها مسلم (۲/۶۹۲-۶۹۳) رقم (۹۹۷/۴۱)' و ابو داود (۳۹۵۷)' و النسائي (۵/۶۹-۷۰)' و ابن حبان (۴۹۳۱' ۴۹۳۲) من طرق عن ابي الزبیر' به- واخرجه مسلم (۳/۱۲۹۰) رقم (۹۹۷/۵۹) من طریق مطر عن عطاء و ابي الزبیر و عمرو' به-

۴۱۹۱- اخرجه الحاکم (۴/۲۲۰) من طریق قتیبة بن سعید: حدثنا عبد الوهاب بن عبد المجید' قال: سمعت یحیی بن سعید ...... فذکره- و صححه الحاکم علی شرط الشیخین' و سکت عنه الذهبي في تلخیصه-وعزاه الزیلعي في نصب الرایة (۳/۲۸۶) لمالك في الموطا من روایة القعنبي-

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے کہ ایک مرتبہ وہ بیمار ہو گئیں تو ان کے کسی بھتیجے نے ان کی بیماری کا تذکرہ ''زط'' قبیلے سے تعلق رکھنے والے کسی شخص سے کیا جو طبیب تھا' تو وہ شخص بولا: تم جن کے بارے میں بتا رہے ہو اس خاتون پر جادو کیا گیا ہے اور یہ جادو اس کی کسی کنیز نے کیا ہے' جس کی گود میں اس وقت بچہ بھی موجود ہے۔ اور اس بچے نے اس عورت کی گود میں پیشاب کیا تھا۔ ان بھتیجوں نے اس بات کا تذکرہ سیدہ عائشہ سے کیا تو سیدہ عائشہ نے فرمایا کہ فلاں کنیز کو میرے پاس لے کے آؤ' انہوں نے اپنی ایک کنیز کے بارے میں کہا' تو ان لوگوں نے بتایا کہ اسکی گود میں اس کا ایک بچہ ہے' جس نے سیدہ عائشہ کی گود میں پیشاب کیا تھا تو سیدہ عائشہ نے کہا کہ اسے میرے پاس لے کے آؤ' اس کنیز کو لایا گیا تو سیدہ عائشہ نے دریافت کیا: تم نے مجھ پر جادو کیا تھا؟ تو اس نے جواب دیا: جی ہاں! سیدہ عائشہ نے دریافت کیا: وہ کیوں؟ اس نے جواب دیا: میں یہ چاہتی تھی کہ آپ مجھے آزاد کر دیں' تو سیدہ عائشہ نے مدبر کے طور پر اس کنیز کو آزاد کر دیا' پھر سیدہ عائشہ نے فرمایا: اب اللہ کے نام پر یہ بات مجھ پر لازم ہے کہ تم کبھی آزاد نہیں ہو سکو گی' (پھر انہوں نے لوگوں سے فرمایا:) کوئی ایسا شخص ڈھونڈو! جو بہت بُرا مالک ہو اور یہ کنیز اسے فروخت کر دو' پھر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کی قیمت کے عوض میں ایک اور کنیز خرید لی اور اسے آزاد کر دیا۔

کِتَابُ النَّوَادِرِ

نادر طور پر پیش آنے والے مسائل

4192- حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ الْعَبَّاسُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا الزَّعْفَرَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ سُلَيْمَانَ الْبَرَّاءُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ كَانَ لَا يَرٰى بَاْسًا اَنْ يُّقَوِّمَ الرَّجُلُ جَارِيَةَ امْرَاَتِهِ عَلٰى نَفْسِهِ .

☆☆ ابن سیرین کے بارے میں یہ بات منقول ہے وہ اس بات میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے کہ آدمی اپنی بیوی کی کنیز کی قیمت خود ادا کر دے۔

4193- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَابِرٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَوِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَا بَاْسَ اَنْ تُفْطِرَ الْحُبْلٰى وَالْمُرْضِعُ فِیْ رَمَضَانَ الْيَوْمَ بَيْنَ الْاَيَّامِ وَلَا قَضَاءَ عَلَيْهِمَا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما یا شاید حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے کہ وہ فرماتے ہیں: اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ حاملہ عورت یا دودھ پلانے والی عورت رمضان کے مہینے میں ایک دن یا چند دن روزے نہ رکھے اس پر قضاء لازم نہیں ہوگی۔

4194- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ هَارُونَ بْنِ رُسْتُمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الدَّقِيقِیُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَالِكٍ الْحَضْرَمِیُّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى اَحَدٍ بِيَمِينٍ وَّهُوَ يَرٰى اَنَّهٗ سَيَبَرُّهٗ فَلَمْ يَفْعَلْ فَاِنَّمَا اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِیْ لَمْ يَبَرَّهٗ .

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص کسی قسم کے بارے میں

۴۱۹۲- في اسناده عبد الواحد بن سليمان البراء خادم ابن عون قال الذهبي في الميزان (۴/۴۲۵-۴۳۶): مجهول- و انظر ترجمته في الجرح و التعديل (۶/۲۱) و الكامل (۵/۲۹۹)-

۴۱۹۳- خرجه ابن جرير الطبري (۲۷۶۷) من طريق سعيد بن جبير عن ابن عباس نحوه-واخرجه - ايضا- رقم (۲۷۶۸) من طريق سعيد عن قتادة قال: ذكر لنا ان ابن عباس قال: لا ولد له حبلى او مرضع: انت بمنزلة الذين لا يطيقونه عليك الفداء ولا صوم عليك- واخرجه البيهقي (۴/۲۳۰) من طريق الشافعي عن مالك عن نافع عن ابن عمر نحوه و ليس فيه: انها لا تقضي-

۴۱۹۴- اخرجه البيهقي (۱۰/۴۱) من طريق الدارقطني و اخرجه ابو نعيم في الحلية (۳/۳۴۶) من طريق الحارث بن ابي اسامة ثنا يزيد بن هارون به-وقال ابو نعيم: هذا حديث غريب من حديث عكرمة تفرد به عنه اسحاق و عنه بقية- اه-قلت: اما رواية بقية له فلا شيء فيها ؛ فانه ثقة و قد صرح بالتحديث؛ فزال ما يخشى من تدليسه- لكن اسحاق بن مالك الحضرمي اورده الذهبي في الميزان (۱/۳۴۹) نقل تضعيف الازدي له-وقد اخرجه ابن ابي حاتم عن عكرمة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من حلف على امرئ في شيء فاحنثه فالاثم على المحنث-قال على بن مسهر: حدثت به ابا نعيم - يعني: الفضل بن دكين- فقال: لو كان عن عكرمة فقط و لم يرفعه كان احسن- اه-

حلف اُٹھائے اور وہ یہ سمجھتا ہو کہ وہ اسکو پورا کر دے گا اور پھر وہ ایسا نہ کر سکے تو اسکا گناہ اس شخص کے ذمے ہوگا جس نے اسے پورا نہ کرنے دیا ہو۔

4195- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الصَّغَانِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي الطَّيِّبِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ أَبِي الزَّاهِرِيَّةِ وَرَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ أَهْدَتْ لَهَا امْرَأَةٌ طَبَقًا فِيهِ تَمْرٌ فَأَكَلَتْ مِنْهُ عَائِشَةُ وَأَبْقَتْ مِنْهُ تَمَرَاتٍ فَقَالَتِ الْمَرْأَةُ أَقْسَمْتُ عَلَيْكِ إِلَّا أَكَلْتِيهِ كُلَّهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبِرِّيهَا فَإِنَّ الْإِثْمَ عَلَى الْمُحْنِثِ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک خاتون نے انہیں تھال بھیجا جس میں کھجوریں تھیں' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس میں سے کچھ کھجوریں کھالیں اور کچھ کھجوریں رہنے دیں' اس عورت نے کہا کہ میں آپ کو یہ قسم دیتی ہوں کہ آپ یہ سب کھائیں گی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کو پورا کرو' کیونکہ قسم توڑنے والے کو گناہ ہوتا ہے۔

4196- حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُولٍ حَدَّثَنَا جَدِّي حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ أَنَّ حُذَيْفَةَ بَدَا لَهُ الصَّوْمُ بَعْدَ مَا زَالَتِ الشَّمْسُ فَصَامَ.

☆☆ ابوعبدالرحمٰن سلمی بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ سورج ڈھل جانے کے بعد حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے یہ مناسب سمجھا کہ وہ روزہ رکھ لیں تو انہوں نے روزہ رکھ لیا۔

4197- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا أَبُو الْبَخْتَرِيِّ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ ح وَأَخْبَرَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْأَزْرَقُ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بَدَا لَهُ بَعْدَ أَنْ زَالَتِ الشَّمْسُ فَصَامَ.

۴۱۹۵- اخرجه البيهقي (۴۱/۱۰) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه احمد (۱۱۴/۶)' ثنا زيد بن الحباب قال: ثنا معاوية بن صالح: اخبرني ابو الزاهرية' عن عائشة...... فذكره-وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (۱۸۶/۴)' و قال: اخرجه احمد' و رجاله رجال الصحيح - اه- و اخرجه ابو داود في المراسيل ص (۲۸۳) رقم (۳۸۸) من طريق حجاج عن ليث بن سعد عن معاوية بن صالح عن ابي الزاهرية و راشد بن سعد...... فذكره مرسلا- قال البيهقي بعد روايته لحديث عائشة هذا و حديث ابي هريرة السابق رقم (۴۱۹۷): (وحديث عائشة امثل- يعني: من حديث ابي هريرة- و هو مرسل اورده ابو داود في المراسيل من حديث ليث بن سعد عن معاوية بن صالح وله شاهد من حديث علي بن يزيد عن القاسم عن ابي امامة- و الله اعلم- اه- قلت: وحديث ابي امامة هذا اخرجه الطبراني في الكبير (۲۲۸/۸- ۲۲۹) رقم (۷۸۲۰)' و اورده الهيثمي في مجمع الزوائد (۱۸۶/۴) وقال: فيه علي بن يزيد' و هو ضعيف)- اه- وقد ورد في ابرار القسم احاديث في الصحيحين و غيرهما-

۴۱۹۶- اخرجه عبد الرزاق (۲۷۴/۴) (۷۷۸۰)' و ابن ابي شيبة (۲۹۰/۲) (۹۰۹۱)' و البيهقي (۲۷۴/۴)' و الحافظ في تغليق التعليق (۱۴۷/۳) من طرق عن سفيان الثوري' به- ولفظ عبد الرزاق: (من بدا له الصيام بعدما تزول الشمس فليصم)' و قد تابع الاعمش عليه اسماعيل بن حماد بن ابي سليمان و هو صدوق؛ كما في التقريب (ت ۴۴۰)-

۴۱۹۷- تقدم تخريجه في الذي قبله-

☆☆ ابوعبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: سورج ڈھل جانے کے بعد حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے روزہ رکھنے کا ارادہ کیا اور روزہ رکھ لیا۔

4198- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَلَّى الشُّونِيزِيُّ وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْقَاضِى وَجَمَاعَةٌ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ اَخْبَرَنِى اَبِى عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ اَنَّ رَجُلاً اطَّلَعَ عَلٰى جَارِهٖ فَخَذَفَ عَيْنَهُ بِحَصَاةٍ فَلَا دِيَةَ وَلَا قِصَاصَ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اگر کوئی شخص اپنے پڑوس میں (یا کسی کے گھر میں) جھانک کر دیکھے اور دوسرا شخص کنکری مار کر اس کی آنکھ پھوڑ دے تو اس کی کوئی دیت اور کوئی قصاص نہیں ہوگا۔

4199- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدِ بْنِ حَفْصٍ اِمْلَاءً مِنْ كِتَابِهٖ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ بَزِيعٍ سَنَةَ تِسْعٍ وَّخَمْسِينَ وَمِائَتَيْنِ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَطِيَّةَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنِى مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُعْطِيتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَاخْتُصِرَ لِىَ الْحَدِيثُ اخْتِصَارًا.

وَبِاِسْنَادِهٖ قَالَ قَالَ لِى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقُرْآنُ ذَلُوْلٌ ذُو وُجُوهٍ فَاحْمِلُوْهُ عَلٰى اَحْسَنِ وُجُوهِهٖ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: مجھے جامع ترین کلمات عطاء کیے گئے ہیں' اس لیے میں مختصر الفاظ میں بات پوری کرتا ہوں۔

اسی سند کے ساتھ یہ بات منقول ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: قرآن بہت نرم ہے' جس میں کئی پہلو پائے جاتے ہیں' تو اسے تم اسی صورتِ حال پر محمول کرو جو سب سے بہتر ہو۔

۴۱۹۸- اخرجه النسائي (۶۱/۸)' و احمد (۲۸۵/۲) من طريقين عن معاذ بن هشام' به-وقد اخرجه البخاري (۶۸۸۸)' (۶۹۰۲)' و مسلم (۴۴/۲۱۵۸)' و النسائي (۶۱/۸)' و البخاري في الادب (۱۰۶۸)' و احمد (۲/۲۴۳' ۴۲۸) من طريق الاعرج عن ابي هريرة' به- واخرجه مسلم (۴۳/۲۱۵۸)' و ابو داود (۵۱۷۲)' و احمد (۲/۲۶۶' ۴۱۴) من طريق ابي صالح عن ابي هريرة-

۴۱۹۹- لم اجده بهذا اللفظ من حديث ابن عباس' ولا بهذا الاسناد- لكن اخرجه احمد في مسنده (۱/۲۵۰' ۳۰۱) من طريق مقسم و مجاهد عن ابن عباس مرفوعا بلفظ: (اعطيت خمسا لم يعطهن احد قبلي - ولا اقوله فخرا -: بعثت الى كل احمر و اسود' فليس من احمر ولا اسود يدخل في امتي الا كان منهم' و جعلت لي الارض مسجدا)-واصل الحديث في الصحيحين و غيرهما من غير حديث ابن عباس-وقد اخرجه ابو يعلي (۳۰۹/۱۳) (۷۲۳۸) من حديث ابي موسى الاشعري بلفظ: (اعطيت فواتح الكلم و خواتمه)- وقال العجلوني في كشف الخفاء (۱۶۳/۱): (اخرجه ابو يعلي عن عمر)-والطرف الآخر ذكره المتقي الهندي في كنز العمال (۵۵۱/۱) (۲۴۶۹)' و عزاه لابي نعيم-

4200- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ الْقَنْطَرِيُّ اَبُوْ جَعْفَرٍ الْكَبِيْرُ حَدَّثَنَا جَبْرُوْنُ بْنُ وَاقِدٍ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلَامِىْ لَا يَنْسَخُ كَلَامَ اللّٰهِ وَكَلَامُ اللّٰهِ يَنْسَخُ كَلَامِىْ وَكَلَامُ اللّٰهِ يَنْسَخُ بَعْضُهُ بَعْضًا.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: میرا کلام' اللہ کے کلام کو نسخ نہیں کرسکتا' لیکن اللہ تعالیٰ کا کلام میرے کلام کو نسخ کرسکتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے کلام کا ایک حصہ دوسرے کو نسخ کرسکتا ہے۔

4201- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الرَّبِيْعِ الْاَنْمَاطِيُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْبَيْلَمَانِىُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَادِيْثَنَا يَنْسَخُ بَعْضُهَا بَعْضًا كَنَسْخِ الْقُرْآنِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: قرآن کے منسوخ کرنے کی طرح ہماری احادیث بھی ایک دوسرے کو منسوخ کردیتی ہیں۔

4202- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ الْبَرْقِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ اَبِىْ صَخْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ اَشْهَدُ عَلٰى اَبِىْ يُحَدِّثُنِىْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ الْقَوْلَ ثُمَّ يَلْبَثُ حِيْنًا ثُمَّ يَنْسَخُهُ بِقَوْلٍ اٰخَرَ كَمَا يَنْسَخُ الْقُرْآنُ بَعْضُهُ بَعْضًا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے والد کے بارے میں قسم اُٹھا کر یہ بات بیان کرتا ہوں' انہوں نے مجھے یہ بات بتائی ہے کہ بعض اوقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کوئی بات فرما دیتے تھے' پھر کچھ عرصہ گزرنے کے بعد اسے منسوخ کردیا کرتے تھے' یہ بالکل اسی طرح تھا جیسے قرآن کا ایک حصہ دوسرے کو منسوخ کردیتا ہے۔

٤٢٠٠-اخرجه ابن عدي في الكامل (٢/ ١٨٠) في ترجمة جبرون بن واقد قال: حدثنا محمد بن احمد بن الحسن بن ميمون المودب: حدثنا محمد بن داود القنطري' حدثنا ابو عباد جبرون بن واقد الافريقي ببيت المقدس...... فذكره-وجبرون هذا قال الذهبي في الميزان (٢/ ١١١): متهم' و اورد له حديثين منكرين' هذا احدهما' و حكم عليهما بالوضع- و انظر كلام الحافظ ابن حجر في لسان الميزان (٢/ ١١٧)-

٤٢٠١-اخرجه ابن عدي في الكامل (٦/ ١٨٠)- ترجمة محمد بن عبد الرحمن بن البيلماني- قال: حدثنا محمد بن هارون الهيثمي: ثنا عمر بن شبة...... فذكره-ومحمد بن عبد الرحمن بن البيلماني' قال البخاري و ابو حاتم: منكر الحديث- وقال ابن حبان: حدث عن ابيه نسخة شبيها بمائتي حديث كلها موضوعة- وانظر ميزان الاعتدال (٦/ ٢٢٤- ٢٢٥)- و الحديث اورده ابن طاهر في ذخيرة الحفاظ (١/ ٢٣٧-٢٣٨)' وقال: (محمد هذا متروك الحديث)- اه-

٤٢٠٢-اسناده ضعيف: لضعف ابن لهيعة' و قد تقدمت ترجمته مرارا- و عبد الله بن عطاء مولى آل الزبير: قال فيه ابن معين: ليس بشيء' و انظر ترجمته في الميزان للحافظ ابي عبد الله الذهبي-

4203- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ شَرِيْكٍ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ اِيَّاكُمْ وَاَصْحَابَ الرَّاْىِ فَاِنَّهُمْ اَعْدَاءُ السُّنَنِ اَعْيَتْهُمُ الْاَحَادِيْثُ اَنْ يَّحْفَظُوهَا فَقَالُوْا بِالرَّاْىِ فَضَلُّوا وَاَضَلُّوا .

☆☆ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: تم اپنی رائے کی پیروی کرنے والوں سے بچنا' کیونکہ وہ لوگ سنت کے دشمن ہوں گے' وہ احادیث کو یاد نہیں رکھ سکیں گے اور اپنی رائے کے ذریعے حکم بیان کریں گے' وہ گمراہ ہوں گے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔

4204- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْجَمَّالِ حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْجُنَيْدِ اَبُوْ صَالِحٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ بْنُ اَبِىْ رَوَّادٍ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ سَالِمٍ عَنِ الْكَلْبِيِّ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا هَلَكَتْ بَنُو اِسْرَائِيْلَ حِيْنَ حَدَثَ فِيْهِمُ الْمُوَلَّدُوْنَ اَبْنَاءُ سَبَايَا الْاُمَمِ فَوَضَعُوا الرَّاْىَ فَضَلُّوا .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: بنی اسرائیل اس وقت ہلاکت کا شکار ہو گئے جب قیدی عورتوں کے بچوں نے ان میں نئی باتیں پیدا کرنی شروع کر دیں۔ ان لوگوں نے اپنی رائے پیش کرنا شروع کی اور وہ گمراہی کا شکار ہو گئے۔

4205- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ اُمَيْمَةَ بِنْتِ رُقَيْقَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ حَدِيْثِ السَّهْمِيِّ عَنْ مَالِكٍ وَقَالَ فِيْهِ اِنِّىْ لَا اُصَافِحُ النِّسَاءَ اِنَّمَا قَوْلِىْ لِامْرَاَةٍ وَّاحِدَةٍ كَقَوْلِىْ لِمِائَةِ امْرَاَةٍ .

☆☆ سیدہ اُمیمہ بنت رقیقہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتی ہیں' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میں عورتوں کے ساتھ مصافحہ نہیں کرتا اور ایک عورت کے ساتھ بھی میں اس طرح بات کرتا ہوں جس طرح ایک سو

۴۲۰۳- اسناده ضعيف جدا: عبد الرحمن بن شريك و ان كان صدوقا فانه يخطىء' و ابوه شريك بن عبد الله القاضي ضعيف' تقدمت ترجمته مرارا- و مجالد: هو ابن سعيد ضعيف ايضا-

۴۲۰۴- اسناده ضعيف: فيه الكلبي: و هو محمد بن السائب' و هو متروك- و عبد المجيد صدوق' افرط فيه ابن حبان' فقال: متروك- وقد اخرجه ابن ماجه رقم (۵٦) من حديث عبد الله بن عمرو' و ضعفه البوصيري في (الزوائد) فقال: : هذا اسناد ضعيف: لضعف ابن ابي الرجال و اسمه: حارثة بن محمد بن عبد الرحمن-

۴۲۰۵- اخرجه احمد (۳۵۷/٦) و النسائي (۱۴۹/۷) من طريق عبد الرحمن بن مهدي عن سفيان' به-واخرجه احمد (۳۵۷/٦) و الحميدي (۳۴۱) و عبد الرزاق (۷/٦) (۹۸۳٦) و الترمذي (۱۵۹۷) و ابن ماجه (۲۸۷۴) من طرق عن سفيان عن محمد بن المنكدر' به- و سياتي من طريق ورقاء عن محمد بن المنكدر رقم (۴۲۰٦) ومن طريق مالك عن محمد بن المنكدر رقم (۴۲۰۷)-وقال الترمذي: (هذا حديث حسن صحيح لا نعرفه الا من حديث محمد بن المنكدر' وروى سفيان الثوري' و مالك' و غير واحد هذا الحديث عن محمد بن المنكدر' نحوه- و سالت محمدا عن هذا الحديث؟ فقال: لا اعرف لاميمة بنت رقيقة غير هذا الحديث- و اميمة امراة اخرى لها حديث عن رسول الله صلى الله عليه وسلم)- اه-

خواتین کے ساتھ کرتا ہوں''۔

4206- حَدَّثَنَا عَلِيٌّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا وَرْقَاءُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ اُمَيْمَةَ بِنْتِ رُقَيْقَةَ- وَكَانَتْ خَالَةَ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَتْ بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

☆☆ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی خالہ سیّدہ اُمیمہ بنت رقیقہ بیان کرتی ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ اقدس پر بیعت کی اس کے بعد انہوں نے حسبِ سابق حدیث نقل کی ہے۔

4207- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ السَّهْمِيُّ الْمَدَنِيُّ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عن محمدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ اُمَيْمَةَ بِنْتِ رُقَيْقَةَ اَنَّهَا قَالَتْ اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُبَايِعُهُ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نُبَايِعُكَ عَلٰى اَنْ لَّا نُشْرِكَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَلَانَسْرِقَ وَلَانَزْنِيَ وَلَانَقْتُلَ اَوْلَادَنَا وَلَانَاْتِيَ بِبُهْتَانٍ نَفْتَرِيْهِ بَيْنَ اَيْدِيْنَا وارجلنا وَلَانَعْصِيَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا اسْتَطَعْتُنَّ وَاَطَقْتُنَّ .قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَرْحَمُ بِنَا مِنْ اَنْفُسِنَا هَلُمَّ نُبَايِعْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ لَا اُصَافِحُ النِّسَاءَ اِنَّ قَوْلِيْ لِمِائَةِ امْرَاَةٍ كَقَوْلِيْ لِامْرَاَةٍ وَّاحِدَةٍ .اَوْ مِثْلُ قَوْلِيْ لِامْرَاَةٍ وَّاحِدَةٍ.

☆☆ سیدہ اُمیمہ بنت رقیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم لوگ بیعت کرنے کے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم آپ کے دستِ اقدس پر اس بات کی بیعت کرتی ہیں کہ ہم کسی کو اللہ تعالیٰ کا شریک نہ ٹھہرائیں گی ہم چوری نہیں کریں گی ہم زنا نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور اپنی طرف سے بنا کر کسی پر جھوٹا الزام نہیں لگائیں گی اور کسی بھی نیکی کے کام میں آپ کی نافرمانی نہیں کریں گی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس حد تک جس کی تمہیں استطاعت ہو اور جس کی تمہیں طاقت ہو۔ ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول ہمارے بارے میں ہماری اپنی ذات سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔ یارسول اللہ! اپنا دستِ اقدس آگے کیجئے تاکہ ہم آپ کی بیعت کر لیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں خواتین کے ساتھ مصافحہ نہیں کرتا ایک سو خواتین کے ساتھ بھی میں اس طرح کلام کرتا ہوں جس طرح ایک عورت کے ساتھ کرتا ہوں۔ (یہاں پر ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے)

4208- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ وَّعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالُوْا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ بَكَّارِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا جَاءَهٗ اَمْرٌ يَسُرُّهٗ خَرَّ سَاجِدًا لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ .

٤٢٠٦-اسناده حسن؛ ورقاء: هو ابن عمر اليشكري، قال الحافظ في التقريب (٧٤٥٣): صدوق في حديثه عن منصور لين-قلت: والحديث تابع عليه ورقاء غير واحد من الائمة الحفاظ: مالك بن انس و السفيانان- و اخرجه احمد (٣٥٧/٦) من طريق ابن اسحاق عن ابن المنكدر- و انظر الحديث (٤٢٠٥)، (٤٢٠٧)-

٤٢٠٧-اخرجه مالك في الموطا (٩٨٢/٢)، و من طريقه المصنف هنا، و احمد (٣٥٧/٦)، و البيهقي في سننه (١٤٨/٨)، به- و انظر الحديث (٤٢٠٥)، (٤٢٠٦)-

☆☆ بکار بن عبدالعزیز اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی خوشی کی خبر ملتی تھی تو آپ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سجدے میں چلے جاتے تھے (یعنی سجدۂ شکر کرتے تھے)۔

4209- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ حَدَّثَنَا نُعَيْمٌ حَدَّثَنَا رِشْدِيْنُ حَدَّثَنَا عُقَيْلٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُقَاتِلَ عَنْ اَحَدٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِلَّا عَنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ .

☆☆ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ ہم مشرکین کی طرف سے جنگ کریں' البتہ اہلِ ذمہ کی طرف سے ہم لڑائی کریں گے۔

۴۲۰۸-اخرجه ابو داود (۲۷۷٤): حدثنا مخلد بن خالد' و الترمذي (۱۵۷۸): حدثنا محمد بن المثنى' و ابن ماجه (۱۳۹٤): حدثنا عبدة بن عبد الله الخزاعي' و احمد بن يوسف السلمي' اربعتهم قالوا حدثنا ابو عاصم قال: حدثنا بكار بن عبد العزيز بن ابي بكرة عن ابيه عن جده الا ابن ماجه' فقد وقع في روايته: (بكار بن عبد العزيز بن عبد الله بن ابي بكرة)-و اسناده حسن فان بكارا' و ان كان صدوقا الا انه يهم: كما في التقريب (۷٤۲)-وقد ثبت سجود الشكر عن غير واحد من الصحابة قال الامام ابن القيم في زاد المعاد (۲/ ۵۸٤): (سجد ابو بكر الصديق لما جاءه قتل مسيلمة الكذاب و سجد علي بن ابي طالب لما و جد ذا الثدية مقتولا في الخوارج' و سجد رسول الله صلى الله عليه وسلم حين بشره جبريل انه من صلى عليه مرة صلى الله عليه بها عشرا' و سجد حين شفع لامته' فشفعه الله فيهم ثلاث مرات' و اتاه بشير فبشره بظفر جند له على عدوهم و راسه في حجر عائشة' فقام فخر ساجدا- اه-

۴۲۰۹-اسناده ضعيف: فيه رشدين بن سعد' و هو ضعيف تقدمت ترجمته-

کِتَابُ الْوَصَایَا

کتاب وصیت کے احکام

4210- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِیْلَ الْمُقْرِءُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اَبِی الْعَنْبَسِ حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰی اَخْبَرَنَا الْمُبَارَكُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ نَافِعٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ یَقُوْلُ یَا ابْنَ اٰدَمَ اثْنَتَانِ لَمْ تَکُنْ لَكَ وَاحِدَةٌ مِنْهُمَا جَعَلْتُ لَكَ نَصِیبًا مِّنْ مَّالِكَ حِیْنَ اَخَذْتُ بِکَظْمِكَ لاُطَهِّرَكَ بِهٖ وَلاُزَکِّیَكَ بِصَلَاةِ عِبَادِیْ عَلَیْكَ بَعْدَ انْقِضَاءِ اَجَلِكَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اے آدم کے بیٹے! تمہارے اندر دو خصوصیات ہیں جو پہلے تم میں نہیں تھی' ایک یہ کہ جب تم اپنے غصے پر قابو پاؤ گے تو میں تمہارے مال میں اضافہ کردوں گا تاکہ اس طرح تمہیں پاک وصاف کروں اور دوسرا یہ کہ جب تمہاری زندگی پوری ہوجائے گی تو میرے بندے تمہارے لیے دعا کرتے رہیں گے (یا نمازِ جنازہ ادا کریں گے)۔

شرح:

لفظ "وصایا" لفظ "وصیت" کی جمع ہے۔

وصیت کا مطلب یہ ہے: کوئی شخص اپنی زندگی میں اپنے ورثاء کو یہ ہدایت کرے کہ میرے مرنے کے بعد میری طرف سے یہ یہ کام کرنا ہے۔

وصیت کے باب میں پہلا اصول یہ ہے: علماء کا اس بات پر اتفاق ہے وہ شخص وصیت کرسکتا ہے جو کسی مال میں صحیح ملکیت رکھتا ہو' اس اعتبار سے کسی دوسرے کے مال میں وصیت نہیں کی جاسکتی۔

دوسری شرط یہ ہے: وصیت کرنے والا شخص عاقل اور بالغ ہونا چاہیے۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں کہ جس شخص کی عقل کمزور ہو یا جو بچہ رشتہ داری کے حقوق و آداب کو سمجھتا ہو وہ بھی وصیت کرسکتا ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے دونوں طرح کے اقوال مشہور ہیں۔

وصیت سے متعلق دوسرا اہم اصول یہ ہے: کس کے حق میں وصیت کی جاسکتی ہے؟

۴۲۱۰- اخرجه ابن ماجه (۲/ ۹۰٤) کتاب الوصایا' باب: الوصیة بالثلث (۲۷۱۰)' و عبد ابن حمید (۷۷۱) من طریق عبید الله بن موسی' به- وقال البوصیری فی الزوائد(۲/ ۳٦۷): هذا اسناد فیه مقال: صالح بن محمد بن یحیی لم ار من جرحه ولا من وثقه' و مبارك بن حسان و ثقه ابن معین- وقال النسائی: لیس بالقوی' و قال ابو داود: منکر الحدیث- وقال ابن حبان فی الثقات: یخطیء و یخالف- و قال الازدی: متروك- و باقی رجال الاسناد علی شرط الشیخین- اه-

علماء پر اس بات پر اتفاق ہے: کوئی شخص اپنے وارث کے حق میں وصیت نہیں کر سکتا۔ تاہم اگر ورثاء اجازت دے دیں تو پھر جمہور علماء کے نزدیک وارث کے حق میں بھی وصیت کی جاسکتی ہے۔ جبکہ اہلِ ظاہر کے نزدیک پھر بھی وارث کے حق میں وصیت نہیں کی جاسکتی۔

وصیت سے متعلق تیسرا اصول یہ ہے: جس چیز کے بارے میں وصیت کی گئی ہے اس کی جنس اور مقدار کے احکام کیا ہوں گے؟

جہاں تک وصیت کردہ چیز کی جنس کا تعلق ہے تو اس بات پر علماء کا اتفاق ہے کہ جو چیز ملکیت والی ہو اس کے بارے میں وصیت کرنا جائز ہے۔

لیکن جو چیز منفعت والی ہو اور ملکیت نہ ہو تو اس کے بارے میں وصیت کرنے کے مسئلے میں علماء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

جمہور علماء نے اسے جائز قرار دیا ہے' جبکہ ابن ابی لیلیٰ' ابن شبرمہ اور اہلِ ظاہر کے نزدیک ایسی وصیت باطل شمار ہوگی۔

وصیت کی مقدار کے بارے میں علماء کا اتفاق ہے کہ جس شخص کے ورثاء موجود ہوں وہ اپنے مال کے ایک تہائی حصے سے زیادہ کے بارے میں وصیت نہیں کر سکتا۔

لیکن جس شخص کے ورثاء موجود نہ ہوں' اس کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

ایک اور اختلاف اس بارے میں بھی ہے کہ وصیت کی مستحب مقدار کیا ہے؟ ایک تہائی مال یا اس سے بھی کم۔

وصیت سے متعلق چوتھا بنیادی اصول وصیت کے الفاظ ہیں۔

وصیت اس چیز کا نام ہے کہ کوئی شخص کسی ایک شخص کو یا چند افراد کو اپنے مرنے کے بعد اپنی دولت ہبہ کر دے یا اپنے غلاموں کو آزاد قرار دیدے۔ اس کے لئے لفظ وصیت استعمال کرنا شرط نہیں ہے۔

وصیت کرنے والا شخص اپنی کی ہوئی وصیت کو واپس بھی لے سکتا ہے۔ صرف اس کی ایک جزئی میں اختلاف ہے کہ جب اس نے کسی غلام کو مدبر کیا ہو تو کیا وہ اس وصیت کو واپس لے سکتا ہے؟

اس بات پر اتفاق ہے کہ وصیت کرنے والے کے مرنے کے بعد اس کی وصیت واجب ہوتی ہے۔

وصیت سے متعلق ایک اہم اصول اس کے احکام ہیں' جس کا تعلق حساب سے ہے اور کچھ احکام کا تعلق معنوی پہلو سے ہے۔ جیسے ایک شخص اپنے ایک تہائی مال کے بارے میں وصیت کر دیتا ہے اور اسے متعین کر دیتا ہے' لیکن پھر ورثاء یہ معاملہ اٹھاتے ہیں کہ مرحوم کا متعین کردہ مال ترکہ کے ایک تہائی حصہ سے زیادہ ہے۔ یہ اور اس جیسے دیگر جزوی مسائل ہیں۔

4211- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ خُلَيْدِ بْنِ اَبِىْ خُلَيْدٍ عَنْ اَبِىْ حَلْبَسٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ فَاَوْصٰى فَكَانَتْ وَصِيَّتُهُ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ كَانَتْ كَفَّارَةً لِمَا تَرَكَ مِنْ زَكَاتِهِ .

☆☆ حضرت معاویہ بن قرۃ اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جس شخص کی موت کا وقت قریب آ جائے اور وہ کوئی وصیت کرے تو اللہ تعالیٰ کی کتاب کے حکم کے مطابق اگر اس کی وصیت ہو' تو یہ اس چیز کے لیے کفارہ بن جائے گی جو وہ زکوٰۃ ادا نہیں کر سکا تھا۔

4212- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَنْصُوْرٍ الْفَقِيهُ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ ابْنُ بِنْتِ شُرَحْبِيلَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا عُتْبَةُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ تَصَدَّقَ عَلَيْكُمْ بِثُلُثِ اَمْوَالِكُمْ عِنْدَ وَفَاتِكُمْ زِيَادَةً فِىْ حَسَنَاتِكُمْ لِيَجْعَلَهَا لَكُمْ زَكَاةً فِىْ اَعْمَالِكُمْ.

☆☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے موت کے قریب تمہیں تمہارے مال کا ایک تہائی حصہ' صدقے کے طور پر عطاء کر دیا ہے' تاکہ تم اپنی نیکیوں میں اضافہ کر لو' تاکہ وہ تمہارے اعمال میں پاکیزگی کا باعث بن جائے۔

4213- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَلَّى الشُّونِيزِىُّ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خِدَاشٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا حَقُّ امْرِءٍ اَنْ يَبِيتَ لَيْلَتَيْنِ وَلَهُ مَالٌ يُرِيدُ اَنْ يُوْصِىَ فِيْهِ اِلَّا وَوَصِيَّتُهُ مَكْتُوبَةٌ عِنْدَهُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کسی بھی شخص کو اس بات کا حق حاصل نہیں ہے کہ اس کے پاس کوئی ایسا مال موجود ہو جس میں اس نے وصیت کرنی ہو اور پھر دو راتیں ایسی گزر جائیں (کہ اس نے وہ وصیت تحریر نہ کی ہو) اس کی وصیت اس کے پاس لکھی ہوئی ہونی چاہیے۔

۴۲۱۱- اخرجه ابن ماجه (۹۰۲/۲) كتاب : الوصايا' باب: الحيف في الوصية (۲۷۰۵) و الدولابي في الكنى (۱۵٦/۱) من طريق بقية' به قال البوصيري في الزوائد (۳٦٤/۲): هذا اسناد ضعيف: بقية مدلس' و شيخه مجهول- اه- واخرجه الطبراني في الكبير (۳۳/۱۹) رقم (٦۹)' و الخطيب في التاريخ (۲٤۷/۸)' و ابن الجوزي في الموضوعات (۱۷٤۸) من طريق بشر بن حكيم عن سالم بن كثير عن معاوية بن قرة' به: وقال ابن الجوزي: هذا حديث لا يصح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم -

۴۲۱۲- اخرجه الطبراني : كما في مجمع الزوائد (۲۱۵/٤)' و نصب الراية (٤۰۰/٤)- وقال الحافظ في التلخيص (۱۹۵/۳): اخرجه الدارقطني و البيهقي ...... و فيه اسماعيل بن عياش و شيخه عتبة بن حميد' و هما ضعيفان- اه- وقال الزيلعي في نصب الراية: و اخرجه ابن ابي شيبة في مصنفه موقوفاً (۲۲٦/٦) رقم (۳۰۹۱۷)' فقال: حدثنا عبد الاعلى عن برد عن مكحول عن معاذ بن جبل...... فذكره- اه-

۴۲۱۳- اخرجه مسلم (۱۲٤۹/۳) كتاب : الوصية (۱٦۲۷/۳)' و احمد (۵۰/۲) من طريق اسماعيل بن علية ' به- وتابعه سفيان عند الحميدي (٦۹۷)' و حماد بن زيد عن الترمذي (٤۳۲/٤): كتاب : الوصايا' باب: ما جاء في الحث على الوصية (۲۱۱۸) كلاهما عن ايوب- واخرجه مالك (۷٦۱/۱) كتاب: الوصية' باب: الامر بالوصية (۱)' و من طريقه احمد (۱۱۳/۲)' و البخاري (۲/٦) كتاب: الوصايا' باب: الوصايا (۲۷۳۸)' و النسائي (۲۳۹/٦) كتاب: الوصايا' باب: الكراهية في تاخير الوصية- واخرجه احمد (۵۷/۲)' و مسلم (۳۱-۱٦۲۷)' و ابو داود (۱۱۳/۳)' كتاب: الوصايا' باب: ما جاء فيما يومر به من الوصية (۲۸٦۲)' و الترمذي (۲۹۵/۳) كتاب: الجنائز باب: ما جاء في الحث على الوصية' (۹۷٤)' و ابن ماجه (۹۰۱/۲) كتاب: الوصايا باب: الحث على الوصية' (۲٦۹۹)' و النسائي (۲۳۸/٦) من طرق عن عبيد الله بن عمر عن نافع' به-

4214- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الدَّرْبِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْقُرَشِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا حَقُّ امْرِءٍ مُسْلِمٍ لَهُ مَالٌ يُرِيدُ اَنْ يُّوْصِيَ فِيْهِ يَبِيتُ لَيْلَتَيْنِ اِلَّا وَوَصِيَّتُهُ مَكْتُوْبَةٌ عِنْدَهُ .

34

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: کسی بھی مسلمان شخص کو اس بات کا حق حاصل نہیں ہے کہ اس کے پاس مال موجود ہو جس کے بارے میں اس نے وصیت کرنی ہو اور پھر دوراتیں ایسی گزر جائیں (کہ اس نے وصیت نہ کی ہو) اس کی وصیت اس کے پاس لکھی ہوئی ہونی چاہیے۔

4215- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ لَقْلُوقٌ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ تَمَّامٍ عَنْ يُّوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا يَنْبَغِي لِرَجُلٍ اَتَى عَلَيْهِ ثَلَاثَةٌ وَّلَهُ مَالٌ يُرِيدُ اَنْ يُّوْصِيَ فِيْهِ اِلَّا اَوْصٰى فِيْهِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: کسی بھی شخص کے لیے یہ بات مناسب نہیں ہے کہ اس پر تین دن ایسے گزر جائیں کہ اس کے پاس ایسا مال موجود ہو کہ جس کے بارے میں اس نے وصیت کرنی ہو (اور اس نے وصیت نہ کی ہو) اسے اس بارے میں وصیت کر دینی چاہیے۔

4216- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ الْمُهْتَدِيْ بِاللّٰهِ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاِضْرَارُ فِي الْوَصِيَّةِ مِنَ الْكَبَائِرِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: وصیت کرتے ہوئے کسی (وارث) کو نقصان پہنچانا کبیرہ گناہ ہے۔

4217- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا اَبُوْ

۴۲۱۴- اخرجه الحميدي (٦٩٧)' عن سفيان' و الترمذي (٢١١٨) عن حماد بن زيد' كلاهما عن ايوب' به- و انظر: السابق-

۴۲۱۵- و اخرجه احمد (٢/ ٣' ٣٤' ١٢٧)' و عبد بن حميد (٧٢٧)' ومسلم (١٦٢٧/٤)' و النسائي (٢٣٩/٦) عن الزهري عن سالم عن ابن عمر' به-

۴۲۱۶- اخرجه الطبري في التفسير (٦٣١/٣) رقم (٨٧٨٩)' و ابن ابي حاتم: كما في الدر المنثور (١٢٨/٢)' و العقيلي في الضعفاء (١٨٩/٣)' و ابن مردويه في تفسيره: كما في نصب الراية (٤٠٣/٤)' و البيهقي (٢٧١/٦) من طريق عمر بن المغيرة عن داود بن ابي هند عن عكرمة عن ابن عباس مرفوعاً- و قال العقيلي: هذا رواه الناس عن داود موقوفاً' لا نعلم رفعه غير عمر ابن المغيرة- وقال الزيلعي: واخرجه الطبري عن جماعة رووه عن داود بن ابي هند فوقفوه منهم: يعقوب ابن ابراهيم' و ابن علية' و يزيد بن زريع' وبشر بن المفضل' و ابن ابي عدي و عبد الاعلى- اه- وقد اخرجه موقوفاً الطبري (٣/ ٦٣٠-٦٣١)' و ابن ابي شيبة (٢٢٧/٦) رقم (٣٠٩٣٣)' و عبد الرزاق (٨٨/٩) رقم (١٦٤٥٦)' و سعيد بن منصور (١٣٣/١) رقم (٣٤٣)' و النسائي (٣٢٠/٦) رقم (١١٠٩٢)' و البيهقي (٢٧١/٦)' و قال البيهقي: هذا هو الصحيح موقوف-

۴۲۱۷- اخرجه البيهقي (٢٨١/٦) من طريق الدارقطني' به- و اسناده صحيح رجاله ثقات' لولا ما يخشى من تدليس ابي اسحاق السبيعي- وقد تقدمت ترجمته-

اِسْحَاقَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لِيَكْتُبِ الرَّجُلُ فِيْ وَصِيَّتِهِ اِنْ حَدَثَ بِیْ حَدَثُ مَوْتٍ قَبْلَ اَنْ اُغَيِّرَ وَصِيَّتِیْ هٰذِهِ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: آدمی کو اپنی وصیت میں یہ تحریر کرنا چاہیے کہ اگر میں اپنی وصیت کو تبدیل کیے بغیر فوت ہو گیا (تو یوں ہوگا)۔

4218- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَجُوْزُ الْوَصِيَّةُ لِوَارِثٍ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ الْوَرَثَةُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: وارث کے لیے وصیت کرنا جائز نہیں ہے البتہ اگر دیگر ورثاء چاہیں (تو حکم مختلف ہوگا)۔

4219- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عِيْسٰى حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَاسَرْجِسِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ خَارِجَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ اِلَّا اَنْ يُّجِيْزَ الْوَرَثَةُ.

☆☆ حضرت عمرو بن خارجہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: وصیت وارث کے لیے نہیں ہوتی البتہ اگر دیگر ورثاء چاہیں (تو ہو سکتی ہے)۔

4220- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ الْمُهْتَدِيْ بِاللّٰهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَجُوْزُ لِوَارِثٍ وَّصِيَّةٌ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ الْوَرَثَةُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: وارث کے لیے وصیت کرنا جائز نہیں ہے البتہ اگر دیگر ورثاء چاہیں (تو ایسا ہو سکتا ہے)۔

4221- حَدَّثَنَا الْقَاضِيْ اَحْمَدُ بْنُ كَامِلٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا نُوْحُ بْنُ دَرَّاجٍ عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وَصِيَّةَ

۴۲۱۸- تقدم (۴۰۷۷) بسنده و متنه-

۴۲۱۹- اخرجه البيهقي (۶/۲۶۴) من طريق اسماعيل بن عيسى، حدثنا زياد بن عبد الله، به- واسماعيل بن مسلم: هو المكي: سئل عنه يحيى القطان! فقال: لم يزل مخلطاً، كان يحدثنا بالحديث الواحد على ثلاثة ضروب، و ضعفه علي بن المديني، و عمرو بن علي الفلاس، و قال ابن عدي: احاديثه غير محفوظة عن اهل الحجاز، و البصرة و الكوفة، الا انه ممن يكتب حديثه- انظر تهذيب الكمال (۱/۲۵۶)، و للحديث طريق آخر ياتي رقم (۴۱۲۲)-

۴۲۲۰- تقدم رقم (۴۰۷۷)، من طريق ابن جريج عن عطاء، به-

۴۲۲۱- اخرجه ابو نعيم في اخبار اصبهان (۱/۲۲۷) من طريق نوح بن دراج عن ابان عن جعفر بن محمد عن ابيه عن جابر مرفوعاً، به- وقال الالباني في الارواء (۶/۹۳): هذا اسناده واه جداً: ابن دراج هذا: قال الحافظ: (متروك و قد كذبه ابن معين)- اهـ- و حديث جابر هذا له طريق اخرجه تقدمت رقم (۴۰۷۹)-

لِوَارِثٍ وَّلَا اِقْرَارَ بِدَيْنٍ.

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: وارث کے لیے وصیت نہیں ہوگی اور نہ ہی (وراثت کے مال میں) قرض کا اقرار ہوگا۔

4222- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَرْزُوقٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ اَخْبَرَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ خَارِجَةَ قَالَ خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَسَمَ لِكُلِّ اِنْسَانٍ نَصِيبَهُ مِنَ الْمِيرَاثِ فَلَا يَجُوزُ لِوَارِثٍ وَّصِيَّةٌ اِلَّا مِنَ الثُّلُثِ.

وَاَخْبَرَنَا سَعِيدٌ عَنْ مَّطَرٍ عَنْ شَهْرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ خَارِجَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

☆☆ حضرت عمرو بن خارجہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ میں ہمیں خطبہ دیتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی: اللہ تعالیٰ نے تم میں سے ہر ایک شخص کا وراثت میں حصہ مقرر کر دیا ہے اس لیے وارث کے لیے وصیت کرنا جائز نہیں ہے البتہ ایک تہائی مال میں (وصیت کی جا سکتی ہے)۔

4223- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِ عَائِشَةَ مَعَهُ بَعْضُ نِسَائِهِ يَنْتَظِرُونَ طُعَيِّمًا قَالَ فَسَبَقَتْهَا- قَالَ عِمْرَانُ اَكْبَرُ ظَنِّي اَنَّهُ قَالَ حَفْصَةُ- بِصَحْفَةٍ فِيهَا ثَرِيدٌ قَالَ فَوَضَعَتْهَا فَخَرَجَتْ عَائِشَةُ فَاَخَذَتِ الصَّحْفَةَ- قَالَ وَذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ يُحْجَبْنَ- قَالَ فَضَرَبَتْ بِهَا فَانْكَسَرَتْ فَاَخَذَهَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ قَالَ فَضَمَّهَا وَقَالَ بِكَفِّهِ يَصِفُ ذٰلِكَ عِمْرَانُ وَقَالَ غَارَتْ اُمُّكُمْ. فَلَمَّا فَرَغَ اَرْسَلَ بِالصَّحْفَةِ اِلٰى حَفْصَةَ وَاَرْسَلَ بِالْمَكْسُورَةِ اِلٰى عَائِشَةَ فَصَارَتْ قَضِيَّةً مَنْ كَسَرَ شَيْئًا فَهُوَ لَهُ وَعَلَيْهِ مِثْلُهُ.

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں اپنی بعض دیگر ازواج مطہرات کے ساتھ موجود تھے یہ سب لوگ کھانے کا انتظار کر رہے تھے سب سے پہلے وہ (راوی کہتے ہیں: میرا خیال ہے انہوں نے سیدہ حفصہ کا ذکر کیا تھا) سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا اپنے پیالے میں ثرید لے کے آئیں اور اسے وہاں رکھا تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا باہر آئیں انہوں نے اس پیالے کو پکڑ کر (توڑ دیا)۔ راوی کہتے ہیں: یہ حجاب کا حکم نازل ہونے سے

۴۲۲۲- اخرجه ابن ابي شيبة (۱۱/۱۴۹) (۱۰۷۶۶)، و عبد الرزاق (۹/۷۰) (۱۶۳۷۶)، و الترمذي (۲۱۲۱)، و النسائي (۶/۲۴۷)، والدارمي (۲/۴۱۹)، و ابن ماجه (۲۷۱۲)، و الطيالسي (۱۲۱۷)، و احمد (۴/۱۸۶، ۱۸۷، ۲۲۸، ۲۳۹)، و سعيد بن منصور (۴۲۸) من طرق عن قتادة، به- واسناده ضعيف: لضعف شهر بن حوشب- لكن للحديث شواهد تقويه- و انظر نصب الراية (۴/۴۰۲-۴۰۵)، و الارواء (۱۶۵۵)-

۴۲۲۳- اخرجه ابو يعلى (۶/۸۵) (۳۳۳۹): حدثنا العباس: حدثنا عمران بن خالد، به- واخرجه الطبراني في الصغير (۱/۲۰۵-۲۰۶) من طريق علي بن محمد الانصاري المصري: حدثنا حرملة بن يحيى: حدثنا عبد الله بن وهب: حدثنا يحيى بن عبد الله بن سالم ابن عبد الله بن عمر بن الخطاب عن عبيد الله بن عمر عن ثابت، به- واخرجه البخاري (۲۴۸۱)، (۵۲۲۵)، و ابو داود (۳۵۶۷)، و الترمذي (۱۳۵۹)، و النسائي (۷/۷۰)، و ابن ماجه (۲۳۳۴)، و الدارمي (۲/۲۶۴)، و احمد (۳/۱۰۵، ۲۶۳)، و ابو يعلى (۳۷۷۴)، (۳۸۴۹) من طرق عن حميد عن انس-

پہلے کی بات ہے۔ سیدہ عائشہ نے اسے پکڑ کر توڑ دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اسے پکڑا اور اسے ملاتے ہوئے فرمایا (یہاں عمران نامی راوی نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کر کے یہ بات بتائی تھی کہ اس طرح ملایا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری امی کو غصہ آ گیا تھا' جب آپ کھا کر فارغ ہوئے تو آپ نے ایک صحیح پیالہ سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو بھجوایا اور ٹوٹا ہوا پیالہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو دیا۔ گویا فیصلہ یہ ہوا کہ جو شخص کوئی چیز توڑ دے گا وہ اس کو ملے گی اور اس پر اسی کی مانند چیز کی ادائیگی لازم ہو گی۔

۴۲۶۲-اسناده صحيح؛ يحيى بن يعلى: هو ابن الحارث المحاربي ثقة- روى له البخاري و مسلم و غيرهما- و ابوه: يعلي بن الحارث من رجال مسلم ايضا' و كذا غيلان بن جامع من رجال مسلم- و الحديث اخرجه ابو داود (۳۶۰۵) عن زياد بن ايوب: ثنا هشيم' اخبرنا زكريا عن الشعبي' به- و من طريقه اخرجه البيهقي (۱۰/ ۱۶۵)' و اخرجه البيهقي ايضا من طريق ابن نمير عن زكريا عن الشعبي' به-

مسلمان کا وصال ان لوگوں کے پاس ہوا تھا' جن لوگوں کے بارے میں وصیت کی گئی تھی' انہیں اس بارے میں شک ہوا' وہ ان دونوں کو لے کر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے عصر کی نماز کے بعد ان دونوں سے قسم لی کہ اللہ کی قسم! ہم نے اس کے عوض میں کوئی قیمت حاصل نہیں کرنی اور ہم نے اللہ تعالیٰ کے نام پر کسی گواہی کو چھپایا نہیں ہے' اگر ہم ایسا کریں گے تو ہم گناہگار ہوں گے۔

تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ وہ فیصلہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد آج سے پہلے ایسا فیصلہ نہیں ہوا۔

4263- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسٰى الْمِصْرِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّ اَبَا الزُّبَيْرِ حَدَّثَهٗ عَنْ عَدِىِّ بْنِ عَدِىٍّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ اَتٰى رَجُلَانِ يَخْتَصِمَانِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ اَرْضٍ فَقَالَ اَحَدُهُمَا هِىَ لِىْ وَقَالَ الْاٰخَرُ هِىَ لِىْ حُزْتُهَا فَقَبَضْتُهَا .فَقَالَ فِيْهَا الْيَمِيْنُ لِلَّذِىْ بِيَدِهِ الْاَرْضُ . فَلَمَّا تَقَدَّمَ لِيَحْلِفَ قَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا اِنَّهٗ مَنْ حَلَفَ عَلٰى مَالِ امْرِءٍ مُسْلِمٍ لَقِىَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ . قَالَ فَمَنْ تَرَكَهَا قَالَ فَلَهُ الْجَنَّةُ.

☆☆ عدی بن عدی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: دو آدمی اپنا مقدمہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' وہ مقدمہ ایک زمین کے بارے میں تھا' ان میں سے ایک نے کہا: یہ میری زمین ہے اور دوسرے نے کہا: یہ میری ہے' میں نے اسے گھیرا ہوا ہے اور اپنے قبضے میں رکھا ہے۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بارے میں یہ فرمایا کہ جس شخص کے پاس زمین موجود ہے' وہ قسم اٹھائے گا' جب وہ قسم اٹھانے کے لیے تیار ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر اس شخص نے کسی مسلمان کا مال ہڑپ کرنے کے لیے قسم اٹھائی تو جب یہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس پر ناراض ہوگا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اسے ترک کردے گا اسے جنت ملے گی۔

4264- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّهَيْرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ

۴۲۶۳- اخرجه النسائي في الكبرى (۴۸۶/۳) (۵۹۹۵): اخبرنا احمد بن يحيى بن الوزير ابن سليمان قال: سمعت ابن وهب...... فذكره- و اخرجه البيهقي (۲۵۴/۱۰) من طريق بحر بن نصر' ثنا ابن وهب' به- و اخرجه الطبراني في الكبير (۱۰۹/۱۷) (۲۶۷) من طريق اسماعيل بن ابي اويس' حدثني سليمان بن بلال' به مختصرا- و اخرجه - ايضا- (۱۰۹/۱۷) (۲۶۶) من طريقين عن يحيى بن سعيد' به نحوه مختصرا- و اخرجه احمد (۱۹۱/۴) حدثنا يحيى بن سعيد عن جرير بن حازم' قال: سمعت عدي بن عدي يحدث عن رجاء بن حيوة و العرس بن عميرة انهما حدثاه عن ابيه عدي بن عميرة...... فذكره- و اخرجه النسائي في الكبرى (۴۸۶/۳) (۵۹۹۶) من طريق يزيد- و الطبراني في الكبير (۱۰۸/۱۷) (۲۶۵) من طريق عارم ابي النعمان' كلاهما (يزيد- : و هو ابن هارون- و عارم) عن جرير بن حازم' به نحو رواية احمد' و فيه نزول و قوله تعالى: (ان الذين يشترون بعهد الله و ايمنهم ثمنا قليلا)- و الحديث ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (۲۰۶/۴)' و قال: (اخرجه الطبراني في الكبير ب سنادين و رجال احدهما رجال الصحيح)- اه-

۴۲۶۴- تقدم في الذي قبله-

حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّ عَدِيَّ بْنَ عَدِيٍّ اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4265- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اٰمَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ اِلَّا اَرْبَعَةَ نَفَرٍ عَبْدَ الْعُزّٰى بْنَ خَطَلٍ وَّمِقْيَسَ بْنَ صُبَابَةَ الْكِنَانِيَّ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ سَرْحٍ وَّاُمَّ سَارَةَ فَاَمَّا عَبْدُ الْعُزّٰى فَقُتِلَ وَهُوَ اٰخِذٌ بِاَسْتَارِ الْكَعْبَةِ وَذَكَرَ بَاقِيَ الْحَدِيْثِ.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ فتح مکہ کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار افراد کے علاوہ سب کو امان دے دی تھی' وہ لوگ عبدالعزیٰ بن خطل' مقیس بن صبابہ' عبداللہ بن سعد اور اُم سارہ تھے' جہاں تک عبدالعزیٰ کا تعلق ہے' تو اسے قتل کر دیا گیا' وہ خانہ کعبہ کے پردوں میں چھپا ہوا تھا۔

4266- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغَلِّسِ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ قُمَيْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ زَعَمَ السُّدِّيُّ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ فَتْحِ مَكَّةَ اٰمَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ اِلَّا اَرْبَعَةَ نَفَرٍ وَّامْرَاَتَيْنِ وَقَالَ اقْتُلُوْهُمْ وَاِنْ وَجَدْتُمُوْهُمْ مُتَعَلِّقِيْنَ بِاَسْتَارِ الْكَعْبَةِ . عِكْرِمَةَ بْنَ اَبِيْ جَهْلٍ وَّعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ خَطَلٍ وَّمِقْيَسَ بْنَ صُبَابَةَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ سَرْحٍ وَّذَكَرَ بَاقِيَ الْحَدِيْثِ .

☆☆ مصعب بن سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: فتح مکہ کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار افراد اور دو خواتین کے علاوہ سب لوگوں کو امان دے دی تھی' آپ نے ارشاد فرمایا تھا: ان (چھ افراد کو) قتل کر دینا ہے' اگرچہ تم انہیں کعبہ کے پردوں میں چھپا ہوا پاؤ: عکرمہ بن ابو جہل' عبداللہ بن خطل' مقیس بن صبابہ' عبداللہ بن سعد۔

اس کے بعد راوی نے پوری حدیث ذکر کی ہے۔

4267- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُفَضَّلِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

۴۲۶۵- اخرجه البيهقي في دلائل النبوة (۶۰/۵) من طريق ابي زرعة عبد الرحمن بن عمرو الدمشقي: حدثنا الحسن بن بشر الكوفي...... فذكره- و الحكم بن عبد الملك: هو القرشي' ضعيف: كما في التقريب (۱۹۱/۱)' و يشهد له حديث سعد بن ابي وقاص التالي-

۴۲۶۶- اخرجه ابو داود (۲۶۸۳) قال : حدثنا عثمان بن ابي شيبة' و النسائي (۱۰۵/۷)' قال : اخبرنا القاسم بن زكريا بن دينار' كلاهما (عثمان ' و القاسم) قالا : حدثني احمد بن المفضل...... فذكره- في اسناده السدي: هو اسماعيل بن عبد الرحمن' و هو ضعيف' تقدمت ترجمته-

۴۲۶۷- تقدم في الذي قبله-

4268 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعِيْدِ الْمَخْزُوْمِيُّ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ جَدِّي اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ اَرْبَعَةٌ لَا اُؤَمِّنُهُمْ فِي حِلٍّ وَّلَا حَرَمٍ الْحُوَيْرِثُ بْنُ نُقَيْدٍ وَّمِقْيَسُ بْنُ صُبَابَةَ وَهِلَالُ بْنُ خَطَلٍ وَّعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ اَبِي سَرْحٍ . وَذَكَرَ بَاقِيَ الْحَدِيْثِ.

☆☆ عمر بن عثمان اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ فتح مکہ کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا: چار لوگ ایسے ہیں جنہیں میں ''حل'' اور ''حرم'' میں کسی بھی جگہ پر امان نہیں دوں گا۔ حویرث بن نقید، مقیس بن ضبابہ، عبداللہ بن خطل اور عبداللہ بن سعد۔

اس کے بعد راوی نے پوری حدیث ذکر کی ہے۔

4269 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التِّرْمِذِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْقَاسِمِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ تَمِيمٌ الدَّارِيُّ وَعَدِيُّ بْنُ بَدَّاءٍ وَّكَانَا يَخْتَلِفَانِ اِلٰى مَكَّةَ بِالتِّجَارَةِ فَخَرَجَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي سَهْمٍ فَتُوُفِّيَ بِاَرْضٍ لَيْسَ بِهَا مُسْلِمٌ فَاَوْصٰى اِلَيْهِمَا فَدَفَعَا تَرِكَتَهُ اِلٰى اَهْلِهِ وَحَبَسَا جَامًا مِّنْ فِضَّةٍ مُخَوَّصًا بِالذَّهَبِ فَاسْتَحْلَفَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَتَمْتُمَا وَلَا اطَّلَعْتُمَا . ثُمَّ عُرِفَ الْجَامُ بِمَكَّةَ فَقَالُوْا اشْتَرَيْنَاهُ مِنْ عَدِيِّ بْنِ بَدَّاءٍ وَّتَمِيمٍ فَقَدِمَ رَجُلَانِ مِنْ اَوْلِيَاءِ السَّهْمِيِّ فَحَلَفَا بِاللّٰهِ اِنَّ هٰذَا الْجَامَ لِلسَّهْمِيِّ وَ (لَشَهَادَتُنَا اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَا اِنَّا اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ) فَاَخَذُوا الْجَامَ وَفِيْهِمْ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: تمیم داری اور عدی بن بداء تجارت کے لیے مکہ آیا جایا کرتے تھے، اسی دوران بنوسہم قبیلے سے تعلق رکھنے والا ایک شخص جا رہا تھا' اس کا انتقال ایسی جگہ پر ہو گیا جہاں کوئی مسلمان نہیں رہتا تھا' اس نے مرتے وقت ان دونوں کو وصیت کی کہ وہ اس کا مال اس کے گھر والوں تک پہنچا دیں' ان لوگوں نے اس میں سے

۴۲۶۸-اخرجه البيهقي (۹/۲۱۲) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه ابو داود (۲۶۸۴)' قال : حدثنا محمد بن العلاء' حدثنا زيد بن حباب' به- ووقع في اسناده في اسناد ابي داود: (عمرو بن عثمان)' و قال ابو داود في كتاب (التفرد) له : الصواب: (عمر بن عثمان)- انظر تحفة الاشراف رقم (۴۴۷۴)-

۴۲۶۹-اخرجه الطبراني رقم (۱۲۵۰۹) (۱۰۹/۱۷) (۲۶۸) من طريق صالح بن عبد الله الترمذي' به- و اخرجه البخاري (۲۷۸۰)' و ابو داود (۳۶۰۶)' و الترمذي (۳۰۶۰)' و البخاري في التاريخ (۱/ الترجمة ۶۷۶)' و ابو يعلى (۲۴۵۳)' و النحاس في (الناسخ و المنسوخ) ص (۱۶۴- ۱۶۵) و البيهقي (۱۶۵/۱۰)' و الواحدي في اسباب النزول ص (۲۱۵) من طرق عن يحيى بن زكريا بن ابي زائدة' به- و هو هنا من مسند ابن عباس' و سياتي في الذي بعده من حديث ابن عباس عن تميم و الحديث اخرجه الترمذي (۳۰۵۹) من طريق محمد بن اسحاق عن ابي النضر عن باذان مولى ام هانيء عن ابن عباس عن تميم الداري...... فذكره بمعناه-قال الترمذي: هذا حديث غريب' و ليس اسناده بصحيح- و ابو النضر الذي روى عنه محمد ابن اسحاق هذا الحديث هو عندي محمد بن السائب' الكلبي' يكنى: ابا النضر' وقد تركه اهل الحديث' و هو صاحب التفسير-سمعت محمد بن اسماعيل يقول: (محمد بن السائب الكلبي' يكنى: ابا النضر' و لا نعرف لسالم ابي النضر المديني رواية عن ابي صالح مولى ام هانيء' و قد روي عن ابن عباس شيء من هذا على الاختصار من غير هذا الوجه)- اه-

چاندی کا ایک پیالہ روک لیا' جس پر سونے کا کام کیا گیا تھا۔ جب یہ مقدمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں قسم اُٹھانے کے لیے کہا اور فرمایا: تم اللہ کے نام کی قسم اُٹھا کر یہ بات کہو کہ تم نے اس میں سے کچھ بھی نہیں چھپایا ہے اور تمہیں اس کے بارے میں کوئی علم بھی نہیں ہے۔

اس کے بعد مکہ میں وہ پیالہ مل گیا تو جس شخص کے پاس سے ملا' اس نے بتایا کہ میں نے یہ عدی بن بداء اور تمیم سے خریدا ہے' تو سہم قبیلے سے تعلق رکھنے والے اس شخص کے وارثوں میں سے دو آدمی آ گئے' انہوں نے یہ قسم اٹھائی کہ یہ پیالہ سہم قبیلے کے اس شخص کا ہے اور ہم دونوں کی گواہی ان کی گواہی کے مقابلے میں زیادہ سچی ہے' ہم نے کوئی زیادتی نہیں کی ہے' ورنہ ایسی صورت میں ہمیں ظالم شمار کیا جائے' چنانچہ ان وارثوں نے وہ پیالہ حاصل کر لیا اور ان کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

(لَشَهَادَتُنَا اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَا اِنَّا اِذًا لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ)

4270- حَدَّثَنَا الْقَاضِى اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ مُسْلِمٍ الْوَشَّاءُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْعُرَنِىُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ كُدَيْنَةَ يَحْيَى بْنُ الْمُهَلَّبِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ عَدِىٌّ وَّتَمِيْمٌ الدَّارِىُّ يَخْتَلِفَانِ اِلَى مَكَّةَ فَخَرَجَ مَعَهُمَا فَتًى مِنْ بَنِىْ سَهْمٍ فَتُوُفِّىَ بِاَرْضٍ لَيْسَ بِهَا مُسْلِمٌ فَاَوْصَى اِلَيْهِمَا فَدَفَعَا بِتَرِكَتِهِ اِلَى اَهْلِهِ وَحَبَسَا جَامًا مِّنْ فِضَّةٍ مُخَوَّصًا بِالذَّهَبِ فَاسْتَحْلَفَهُمَا النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَمِيْنِهِ مَا كَتَمْتُمَا وَلَا اطَّلَعْتُمَا ثُمَّ وُجِدَ الْجَامُ بِمَكَّةَ فَقَالُوْا اشْتَرَيْنَاهُ مِنْ عَدِىٍّ وَتَمِيْمٍ فَجَاءَ رَجُلَانِ مِنْ وَرَثَةِ السَّهْمِىِّ فَحَلَفَا اِنَّ هٰذَا الْجَامَ لِلسَّهْمِىِّ وَ (لَشَهَادَتُنَا اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَا) وَاَخَذُوا الْجَامَ وَفِيْهِمْ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ تمیم داری اور عدی مکہ آیا جایا کرتے تھے' ایک مرتبہ ان کے ساتھ بنو سہم قبیلے کا ایک نوجوان جا رہا تھا' اس کا انتقال ایسی جگہ پر ہوا جہاں کوئی مسلمان موجود نہیں تھا' اس نے ان دونوں کو وصیت کی اور ان دونوں نے اس کا ترکہ اس کے گھر والوں تک پہنچا دیا' البتہ ان دونوں نے چاندی سے بنا ہوا ایک برتن رکھ لیا جس پر سونے کا کام ہوا تھا۔ (جب یہ مقدمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش ہوا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں سے اللہ کے نام پر حلف لیا کہ ہم نے کسی چیز کو چھپایا نہیں ہے اور ہم ایسی کسی چیز سے واقف نہیں ہیں' پھر بعد میں وہ برتن مکہ میں مل گیا تو ان لوگوں نے بتایا: ہم نے تو یہ عدی اور تمیم سے خریدا ہے' تو اس سہم قبیلے سے تعلق رکھنے والے شخص کے ورثاء میں سے دو شخص آئے اور انہوں نے یہ قسم اٹھائی کہ یہ برتن اس شخص کا ہے جو سہم قبیلے سے تعلق رکھتا تھا۔ اور ان دونوں کی گواہی ان دوسرے دونوں کے مقابلے میں زیادہ حق دار ہے (یعنی سچی ہے) اور اگر ہم کوئی زیادتی کریں تو ہمارا شمار ظالموں میں ہو' پھر ان لوگوں نے اس برتن کو حاصل کر لیا' انہی لوگوں کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی تھی:

(لَشَهَادَتُنَا اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَا)

۴۲۷۰- راجع الذي قبله-

4271- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَاَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ الْجُنَيْدِ قَالَا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا مُجَالِدٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَهُوْدِيٍّ وَيَهُوْدِيَّةٍ قَدْ زَنَيَا فَقَالَ لِلْيَهُوْدِ مَا يَمْنَعُكُمْ اَنْ تُقِيمُوْا عَلَيْهِمَا الْحَدَّ . فَقَالُوْا كُنَّا نَفْعَلُ اِذْ كَانَ الْمُلْكُ فِينَا فَلَمَّا ذَهَبَ مُلْكُنَا فَلَا نَجْتَرِءُ عَلَى الْفِعْلِ .فَقَالَ لَهُمُ ائْتُوْنِيْ بِاَعْلَمِ رَجُلَيْنِ فِيكُمْ . فَاَتَوْهُ بِابْنَىْ صُوْرِيَا فَقَالَ لَهُمَا اَنْتُمَا اَعْلَمُ مَنْ وَرَاءَ كُمَا .قَالَا يَقُوْلُوْنَ . قَالَ فَاَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ الَّذِىْ اَنْزَلَ التَّوْرَاةَ عَلٰى مُوْسٰى كَيْفَ تَجِدُوْنَ حَدَّهُمَا فِي التَّوْرَاةِ . فَقَالَا الرَّجُلُ مَعَ الْمَرْاَةِ زَنْيَةٌ وَّفِيهِ عُقُوْبَةٌ وَّالرَّجُلُ عَلٰى بَطْنِ الْمَرْاَةِ زَنْيَةٌ وَّفِيهِ عُقُوْبَةٌ فَاِذَا شَهِدَ اَرْبَعَةٌ اَنَّهُمْ رَاَوْهُ يُدْخِلُهُ فِيهِ كَمَا يَدْخُلُ الْمِيْلُ فِى الْمُكْحُلَةِ رُجِمَ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِالشُّهُوْدِ . فَشَهِدَ اَرْبَعَةٌ فَرَجَمَهُمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .تَفَرَّدَ بِهِ مُجَالِدٌ وَّلَيْسَ بِالْقَوِيِّ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک یہودی مرد اور ایک یہودی عورت کو لایا گیا' ان دونوں نے زنا کا ارتکاب کیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں سے فرمایا: تم لوگوں نے ان دونوں پر حد جاری کیوں نہیں کی؟ یہودیوں نے کہا: ایسا ہم اس وقت کرتے کہ جب یہ ہماری ملکیت میں ہوتے' لیکن جب ہماری ملکیت ختم ہوگئی تو اب یہ ہمارے بس میں نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم اپنے سب سے بڑے دو عالموں کو میرے پاس لے کر آؤ' تو وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس "صوریا" کے دو بیٹوں کو لے کر آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں سے دریافت کیا: باقی سب لوگوں کے مقابلے میں تم زیادہ بڑے عالم ہو' انہوں نے جواب دیا: لوگ یہی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر میں تم دونوں کو اللہ کے نام کی قسم دے کر یہ دریافت کرتا ہوں جس نے حضرت موسیٰ پر تورات نازل کی تھی' تم نے ان دونوں (مجرموں) کی سزا تورات میں کیا پائی ہے؟ تو ان دونوں نے کہا: جو شخص کسی عورت کے ساتھ ہوتا ہے' اس کو سزا دی جاتی ہے' جو شخص کسی عورت کے پیٹ پر نظر آتا ہے اس کو سزا دی جاتی ہے۔ لیکن جب چار آدمی یہ گواہی دے دیں گے کہ انہوں نے اس شخص کو اس عورت کے اندر اپنی شرمگاہ کو داخل کرتے ہوئے دیکھا ہے' جس طرح سرمہ دانی کے اندر سلائی کو داخل کیا جاتا ہے (تو اُن کو سنگسار کیا جائے گا)۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گواہوں کو لے کر آؤ! پھر چار آدمیوں نے گواہی دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو سنگسار کروا دیا۔

4272- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ وَّاَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ وَمُوْسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ قُرَيْنٍ وَّاَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حَبِيبٍ الزَّرَّادُ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِسْحَاقَ الْمِصْرِيُّ قَالُوْا حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ تَجَاوَزَ لِاُمَّتِىْ عَنِ الْخَطَاِ وَالنِّسْيَانِ وَمَا اسْتُكْرِهُوا عَلَيْهِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

۴۲۷۱- اخرجه ابو داؤد (۴۴۵۲)، و الحميدي (۱۲۹٤) من طريق مجالد عن الشعبي به و اخرجه ابن ماجه (۲۳۲۸) عن مجالد به مختصرا و اسناده ضعيف: لضعف مجالد بن سليمان-

اللہ تعالیٰ نے میری اُمت سے خطاء کے طور پر بھول کر اور زبردستی ہونے والے گناہوں سے درگزر کیا ہے۔

4273- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مُسَلَّمٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ عَنْ اُمَّتِيْ مَا حَدَّثَتْ بِهٖ اَنْفُسَهَا وَمَا اُكْرِهُوْا عَلَيْهِ اِلَّا اَنْ يَّتَكَلَّمُوْا بِهٖ اَوْ يَعْمَلُوْا بِهٖ.

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اللہ تعالیٰ نے میری اُمت کی ان چیزوں سے درگزر کیا ہے جو وہ سوچتے ہیں یا جس پر انہیں مجبور کیا جاتا ہے' البتہ اگر وہ اس بارے میں کلام کرلیں یا خود جان بوجھ کر اس پر عمل کریں (تو انہیں سزا ملے گی)۔

4274- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُقْرِءُ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْهَيَّاجِ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ مَّكْحُوْلٍ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلٰى مَقْهُوْرٍ يَمِيْنٌ.

☆☆ حضرت واثلہ بن اسقع اور حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جس شخص کے ساتھ زبردستی ہو اس پر یمین لازم نہیں ہوتی (یعنی اس پر قسم کا کفارہ لازم نہیں ہوتا)۔

٤٢٧٢-اخرجه ابن حبان (١٦/٢٠٢) (٧٢١٩) و الطبراني في الصغير (١/٢٧٠) و الحاكم (٢/١٩٨) و من طريقه البيهقي (١٠/٦١) و اخرجه في (٧/٣٥٦) و الطحاوي في (شرح معاني الآثار) (٣/٩٥) من طريق الربيع بن سليمان المرادي' بهذا الاسناد-وقال البيهقي في السنن (١٠/٦١): (اخرجه جماعة من المصريين و غيرهم عن الربيع' و به يعرف' و تابعه على ذلك البويطي و الحسين بن ابي معاوية' و اخرجه الوليد بن مسلم' عن الاوزاعي' فلم يذكر في اسناده عبيد بن عمير......)- اه-واخرجه ابن ماجه (٢٠٤٥) و البيهقي (٧/٣٥٦-٣٥٧) و العقيلي في الضعفاء (٤/١٥٤) من طريق محمد بن المصفى: حدثن الوليد بن مسلم' حدثنا الاوزاعي عن عطاء عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم - قال ابن ابي حاتم في العلل (١/٤٣١): سالت ابي عن حديث اخرجه ابن المصفى عن الوليد بن مسلم عن الاوزاعي عن عطاء عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم ...... فذكره-وروى ابن المصفى عن الوليد بن مسلم عن الاوزاعي عن عطاء عن ابن عباس مثله' و عن الوليد عن مالك عن نافع عن ابن عمر مثله' و عن الوليد عن ان لهيعة عن موسى بن وردان عن عقبة بن عامر عن النبي صلى الله عليه وسلم مثل ذلك- قال ابي: هذا احاديث منكرة' كانها موضوعة-وقال ابي: (لم يسمع الاوزاعي هذا الحديث عن عطاء انه سمعه من رجل لم يسمه' اتوهم انه عبد الله بن عامر' او اسماعيل بن مسلم' ولا يصح هذا الحديث' و لا يثبت اسناده)- اه-واخرجه الطبراني في الكبير (١١/١٣٣-١٣٤) (١١٢٧٤) من طريق آخر- و للحديث شواهد ذكرها الزيلعي في نصب الراية (٢/٦٤-٦٦)' وابن رجب في جامع العلوم و الحكم ص (٣٥-٣٥٢)' و قد توسعنا في تخريجه في بداية المجتهد لابن رشد-

٤٢٧٣-اخرجه البيهقي (١٠/٦١) من طريق الدارقطني' و اخرجه النسائي (٦/١٩٦)' و الطحاوي في مشكل الآثار (٢/٢٥٠) من طريق حجاج بن محمد عن ابن جريج عن عطاء عن ابي هريرة' به- و الحديث اخرجه البخاري (٢٥٢٨)' (٥٢٦٩)' (٦٦٦٤)' و ابو داود (٢٢٠٩)' و الترمذي (١١٨٣)' و ابن ماجه (٢٠٤٠)' (٢٠٤٤)' و النسائي (٦/١٥٦-١٥٧)' و ابو يعلى (٦٣٨٩)' و ابن حبان (٤٣٣٤)' (٤٣٣٥)' و البيهقي (٧/٢٩٨) من عن قتادة عن زرارة بن او في' به-

٤٢٧٤-تفرد' به الدارقطني' و عنبسة ضعيف- قال ابن عبد الهادي في (التنقيح): كما في نصب الراية (٣/٢٩٤)-: حديث منكر' بل موضوع' و فيه جماعة ممن لا يجوز الاحتجاج بهم)- اه-وقال الحافظ في تلخيص الحبير (٤/٢١٧): (فيه الهياج بن بسطام و هو متروك' و شيخه عنبسه متروك ايضا مكذب' ثم هو من رواية الدارقطني عن شيخه ابي بكر محمد بن الحسن النقاش المقري المفسر' و هو ضعيف عنده' و قد كذب ايضا)- اه-

کِتَابُ الرِّضَاعِ

باب: رضاعت کا بیان

4275- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّهُ سَاَلَهُ تَرٰى تُحَرِّمُ الرَّضَاعَةُ مَرَّةً وَّاحِدَةً قَالَ نَعَمْ.

☆☆ ابوزبیر بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: آپ کیا سمجھتے ہیں کہ ایک مرتبہ رضاعت کے ذریعے حرمت ثابت ہو جاتی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

4276- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ الثَّوْرِيِّ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَلِيٍّ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَا يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ قَلِيلُهُ وَكَثِيرُهُ.

☆☆ مجاہد بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما یہ فرماتے ہیں: رضاعت تھوڑی ہو یا زیادہ ہو وہ حرمت کو ثابت کر دیتی ہے۔

4277- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَلَّامٍ السَّوَّاقُ قَالَا حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْهَاشِمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنِ ابْنِ اَبِى مُلَيْكَةَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

وَاَيُّوبُ عَنِ ابْنِ اَبِى مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَحَدُهُمَا لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَالْمَصَّتَانِ . وَقَالَ الْاٰخَرُ لَا تُحَرِّمُ الْاِمْلَاجَةُ وَالْاِمْلَاجَتَانِ .

٤٢٧٥—اسناده ضعيف: لتدليس ابي الزبير محمد بن مسلم بن تدرس؛ فانه معروف بذلك و لم يصرح بالسماع في رواية اخرى، و اما ابن لهيعة: فانه ضعيف: لسوء حفظه لكن رواية العبادلة عنه صحيحة قبل الاختلاط؛ كما نبه عليه غير واحد من اهل العلم-

٤٢٧٦—اخرجه عبد الرزاق (٧/٤٦٩) (١٣٩٢٤)، و من طريقه اخرجه المصنف هنا- و في اسناده ليث: و هو ابن ابي سليم، و هو ضعيف تقدمت ترجمته-لكن اخرجه البيهقي في الكبرى (٧/٤٥٨) من طريق عبد الوهاب بن عطاء عن سعيد عن قتادة قال: كتبنا الى ابراهيم بن يزيد نسالُه عن الرضاع؛ فكتب ان شريحا حدث ان عليا و ابن مسعود—رضي الله عنهما— قال يحرم من الرضاع قليله، وكثيره—واسناده صحيح؛ فان عبد الوهاب بن عطاء هو الخفاف راوية سعيد بن ابي عروبة، روى له مسلم وغيره، و ثقه الدارقطني- وقال الذهبي في الميزان (٤/٤٣٥): صدوق—وسعيد هو ابن ابي عروبة ثقة حافظ من اثبت الناس في قتادة-

٤٢٧٧—اخرجه البيهقي في سننه (٧/٤٥٥) كتاب: الرضا، باب: من قال: لا يحرم من الرضاع الا خمس رضعات، من طريق العباس بن محمد الدوري، به—واسناده رجاله ثقات: سليمان بن داود هو الهاشمي فقيه ثقة جليل: قال احمد: يصلح للخلافة، روى له اصحاب السنن و البخاري في خلق افعال العباد، و عبد الوهاب: هو ابن عبد المجيد الثقفي ثقة، تغير قبل موته بثلاث سنين، روى له الجماعة- و انظر التقريب (ت ٤٢٨٩)- و ايوب هو ابن ابي تميمة، و ابن ابي مليكة، كلاهما من رجال الشيخين—والحديث اخرجه مسلم (١٤٥٠)، و غيره من حديث ايوب عن ابن ابي مليكة عن ابن الزبير عن عائشة، و سياتي رقم (٤٢٠٤)، و حديث ابي هريرة سياتي من طريق اخرى رقم (٤١٨١)-

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ٗ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں ٗ جبکہ سیدہ عائشہ نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے ٗ ان میں سے ایک کے الفاظ یہ ہیں:

''ایک مرتبہ یا دو مرتبہ چوسنے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی''۔

دوسرے راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

''ایک مرتبہ منہ میں لینے یا دو مرتبہ منہ میں لینے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی''۔

4278- حَدَّثَنَا الْقَاضِي اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْهِلَالِيِّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَجُلاً كَانَ فِيْ سَفَرٍ فَوَلَدَتِ امْرَاَتُهُ فَاحْتُبِسَ لَبَنُهَا فَخَشِيَ عَلَيْهَا فَجَعَلَ يَمُصُّهُ وَيَمُجُّهُ فَدَخَلَ فِيْ حَلْقِهٖ فَسَاَلَ اَبَا مُوْسَى فَقَالَ حَرُمَتْ عَلَيْكَ فَاَتَى ابْنَ مَسْعُوْدٍ فَسَاَلَهُ فَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ اِلَّا مَا اَنْبَتَ اللَّحْمَ وَاَنْشَزَ الْعَظْمَ .

☆☆ ابوموسیٰ ہلالی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک شخص سفر کر رہا تھا ٗ اس کی بیوی نے ایک بچے کو جنم دیا ٗ لیکن اس عورت کا دودھ جاری نہیں ہوا۔ اس شخص کو اس عورت کی طرف سے اندیشہ ہوا تو اس نے اس عورت کی چھاتی کو چوسنا شروع کیا جس کی وجہ سے دودھ اس کے حلق تک پہنچ گیا ٗ اس نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کیا تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ عورت تم پر حرام ہوگئی ہے پھر وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا ٗ ان سے اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے بتایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: وہی رضاعت حرمت کو ثابت کرتی ہے جو گوشت پیدا کرے اور ہڈیوں کی نشوونما کا باعث بنے (یعنی جو کم عمری میں ہو)۔

4279- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْكَاتِبُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ تَمَّامٍ حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُحَرِّمُ الرَّضْعَةُ وَلَا الرَّضْعَتَانِ .

۴۲۷۸- اخرجه احمد (۱/ ۴۳۲) و ابو داود (۲۰۶۰) و من طريقه البيهقي (۷/ ۴۶۱) من طريق وكيع ٗ به نحوه- و اسناده ضعيف ٗ قال الحافظ في التلخيص (۴/ ۸): (ابو موسى و ابوه: قال ابو حاتم: مجهولان- وقال الالباني في الارواء (۷/ ۲۲۴): السند ضعيف: لتسلسله بالمجاهيل: ابن عبد الله بن مسعود: فانه لم يسم ٗ و ابو موسى الهلالي و ابوه مجهولان: كما قال ابو حاتم- و اخرجه ابو داود (۲۰۵۹) ٗ و من طريقه البيهقي (۷/ ۴۶۱) من طريق عبد السلام بن مطهر عن النضر بن شميل ٗ كلاهما عن سليمان بن المغيرة عن ابي موسى الهلالي عن ابيه عن ابن لعبد الله ابن مسعود عن ابن مسعود قال: الارضاع الا ما شد العظم ٗ و انبت اللحم- فقال ابو موسى: لا تسالونا و هذا الحبر فيكم: كذا موقوفا- سياتي عند الدارقطني رقم (۴۲۸۱) ٗ و من طريقه البيهقي في سننه (۷/ ۴۶۰) من طريق النضر ابن شميل بن نا سليمان بن المغيرة ٗ نا ابو موسى عن ابيه عن ابن لعبد الله بن مسعود عن ابن مسعود- و عبد السلام بن مطهر و النضر بن شميل ٗ كلاهما ثقة- واخرجه المصنف رقم (۴۱۸۳) ٗ و من طريقه البيهقي (۷/ ۴۶۱) من حديث ابي الحصين عن ابي عطية ٗ قال جاء رجل الى ابي موسى...... فذكره بمعناه)- و في اسناده ابو هاشم الرفاعي و اسمه: محمد بن يزيد بن محمد بن كثير العجلي: قال الحافظ في التقريب: (ليس بالقوي)-

۴۲۷۹- اسناده ضعيف: عبيد الله بن تمام: قال ابن ابي حاتم في الجرح و التعديل (۵/ ۳۰۹): سالت ابي عنه؟ فقال: ليس بالقوي ٗ ضعيف الحديث ٗ روى احاديث منكرة- و سئل ابو زرعة عن عبيد الله بن تمام؟ فقال: ضعيف الحديث ٗ و امر بان يضرب على حديثه-

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ایک مرتبہ یا دو مرتبہ (ایک گھونٹ) پی لینے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔

4280- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ح وَأَخْبَرَنَا أَبُو عُثْمَانَ سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ الْكَرْخِيُّ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ كَانَ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ يُحَدِّثُ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ الْمَصَّةُ وَلَا الْمَصَّتَانِ وَلَا يُحَرِّمُ إِلَّا مَا فَتَقَ الْأَمْعَاءَ. قَالَ إِبْرَاهِيمُ فَذَكَرْتُهُ لِسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ فَقَالَ إِذَا دَخَلَتْ قَطْرَةٌ وَاحِدَةٌ فِي جَوْفِ الصَّبِيِّ وَهُوَ صَغِيرٌ حَرُمَتْ عَلَيْهِ. وَقَالَ عُثْمَانُ إِلَّا مَا فَتَقَ الْأَمْعَاءَ مِنَ اللَّبَنِ. وَلَمْ يَزِدْ عَلَى هَذَا.

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ایک مرتبہ یا دو مرتبہ چوس لینے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔ حرمت اس کے ذریعے ثابت ہوتی ہے جو انتڑیوں کو سیراب کر دے۔

ابراہیم بیان کرتے ہیں کہ میں نے یہ روایت سعید بن مسیب کے سامنے ذکر کی تو وہ بولے: جب دودھ کا ایک قطرہ بھی بچے کے پیٹ تک پہنچ جائے جبکہ وہ ابھی چھوٹا ہو تو اس کے لیے حرمت ثابت ہو جاتی ہے۔

جبکہ عثمان نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں کہ صرف اسی کے ذریعے حرمت ثابت ہوتی ہے جو دودھ انتڑیوں کو سیراب کر دے۔ انہوں نے اس کے علاوہ اور کوئی لفظ نقل نہیں کیا۔

4281- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ أَسْلَمَ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنٍ لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ رَجُلًا كَانَ مَعَهُ امْرَأَتُهُ وَهُوَ فِي سَفَرٍ. فَوَلَدَتْ فَجَعَلَ الصَّبِيُّ لَا يَمُصُّ فَأَخَذَ زَوْجُهَا يَمُصُّ لَبَنَهَا وَيَمُجُّهُ- قَالَ- حَتَّى وَجَدَ طَعْمَ لَبَنِهَا فِي حَلْقِهِ فَأَتَى أَبَا مُوسَى الْأَشْعَرِيَّ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ حَرُمَتْ عَلَيْكَ امْرَأَتُكَ فَأَتَاهُ ابْنُ مَسْعُودٍ فَقَالَ أَنْتَ الَّذِي تُفْتِي هَذَا بِكَذَا وَكَذَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا رِضَاعَ إِلَّا مَا شَدَّ الْعَظْمَ وَأَنْبَتَ اللَّحْمَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک شخص کے ساتھ اس کی

۴۲۸۰- اخرجه البيهقي (۷/۴۵۶) من طريق الدارقطني به- وقال: اخرجه الزهري و هشام عن عروة موقوفا على ابي هريرة ببعض معناه- و اخرجه النسائي في الكبرى (۳/۳۰۰) (۵۴۶۱): اخبرني محمد بن قدامة المصيصي عن جرير عن ابن اسحاق به و البزار (۲/۱۶۸) (۱۴۴۴) حدثنا يوسف بن موسى ثنا جرير به كذلك- و اخرجه في (۵۴۶۰) من طريق ابراهيم بن سعد عن ابيه عن ابيه اسحاق: حدثني هشام عن ابيه عن عبد الله بن الزبير عن الحجاج عن ابي هريرة به مرفوعا- وقد خالف الثقات سعد بن ابراهيم على هذا الحديث فلم يذكروا (عبد الله بن الزبير) فيه- و اسناده حسن: فان الحجاج بن الحجاج: قال فيه الحافظ في التقريب مقبول- و ابن اسحاق صرح بالتحديث في رواية النسائي فزال ما يخشى من تدليسه و قد اخرجه الشافعي (۲/رقم ۶۳- شفاء العي) و من طريقه البيهقي في السنن (۷/۴۵۶) عن سفيان عن هشام بن عروة به موقوفا- و هذا لا يعل المرفوع به: فان الرفع زيادة ثقة و هي مقبولة عند الاصوليين و جمهور المحدثين-

۴۲۸۱- اخرجه البيهقي (۷/۴۶۰) من طريق الدارقطني به- و قد تقدم رقم (۴۱۷۸)-

بیوی سفر کر رہی تھی' اس عورت نے بچے کو جنم دیا۔ وہ بچہ دودھ نہیں چوس سکا تو اس عورت کے شوہر نے اس عورت کے دودھ کو چوسنا شروع کیا' یہاں تک کہ اسے اس دودھ کا ذائقہ اپنے حلق میں محسوس ہوا' وہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو انہوں نے فرمایا: تمہاری بیوی تمہارے لیے حرام ہوگئی ہے۔ پھر وہ شخص حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' پھر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے: آپ نے یہ یہ فتویٰ دیا ہے' جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: رضاعت وہی ہوتی ہے جو ہڈی کو مضبوط کرتی ہے اور گوشت کو پیدا کرتی ہے۔

4282- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا أَبُو حَصِينٍ عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى أَبِي مُوسَى فَقَالَ إِنَّ امْرَأَتِي وَرِمَ ثَدْيُهَا فَمَصَصْتُهُ فَدَخَلَ حَلْقِي شَيْءٌ سَبَقَنِي فَشَدَّدَ عَلَيْهِ أَبُو مُوسَى فَأَتَى عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ فَقَالَ سَأَلْتَ أَحَدًا غَيْرِي قَالَ نَعَمْ أَبَا مُوسَى .فَشَدَّدَ عَلَيَّ .فَأَتَى أَبَا مُوسَى فَقَالَ أَرَضِيعٌ هَذَا فَقَالَ أَبُو مُوسَى لَا تَسْأَلُونِي مَا دَامَ هَذَا الْحَبْرُ بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ .

☆☆ ابوعطیہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور بولا: میری بیوی کی چھاتی میں ورم آ گیا تھا' میں نے اسے چوسا تو میرے حلق میں تھوڑا سا دودھ چلا گیا تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے اسے سخت ڈانٹا' پھر وہ شخص حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو انہوں نے دریافت کیا: کیا تم نے میرے علاوہ بھی کسی سے یہ مسئلہ دریافت کیا ہے؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں! حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے اور انہوں نے مجھے اس بارے میں سخت ڈانٹا ہے' تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے: کیا یہ شخص دودھ پینے والا بچہ ہے؟ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تک اتنے بڑے عالم تمہارے درمیان موجود ہیں تم لوگ مجھ سے کوئی مسئلہ نہ پوچھا کرو۔

4283- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ كَانَ يَقُولُ لَا رَضَاعَ بَعْدَ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دو سال گزر جانے کے بعد رضاعت کا اعتبار نہیں ہوتا۔

4284- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ دُبَيْسِ بْنِ أَحْمَدَ وَغَيْرُهُمَا قَالُوا حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ بْنُ

۴۲۸۲—اخرجه البيهقي في سننه (۷/ ٤٦١) من طريق الدارقطني' به- و انظر الحديث (٤١٧٨)-

۴۲۸۳—اخرجه البيهقي (۷/ ٤٦٢) من طريق الدارقطني' به- و اسناده صحيح رجاله ثقات رجال الصحيحين؛ يونس: هو ابن يزيد الايلي' و طلحة: هو ابن يحيى الزرقي روى له البخاري و مسلم 'وغيرهما-

۴۲۸۴—اخرجه ابن عدي في الكامل (۷/ ۱۰۳)' و من طريقه البيهقي في السنن (۷/ ٤٦٢) قال: سمعت عمر بن محمد الوكيل' يقول: ثنا الوليد بن برد الانطاكي' به-وقال ابن عدي: هذا يعرف بالهيثم بن جميل عن ابن عيينة مسندا' و غير الهيثم يوقفه على ابن عباس' و الهيثم بن جميل بسكن انطاكية' و يقال: هو البغدادي و يغلط على الثقات كما يغلط غيره' و ارجو انه لا يتعمد الكذب- اه-و اخرجه البيهقي من طريق سعيد بن منصور عن سفيان عن عمرو بن دينار عن ابن عباس موقوفا' وقال: (هذا هو الصواب موقوف)- اه- و انظر: نصب الراية (۳/ ۲۱۸- ۲۱۹)-

بُـرْدٍ الْاَنْطَاكِيُّ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيْلٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ لَا رَضَاعَ اِلَّا مَا كَانَ فِى الْحَوْلَيْنِ . لَمْ يُسْنِدْهُ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ غَيْرُ الْهَيْثَمِ بْنِ جَمِيْلٍ وَّهُوَ ثِقَةٌ حَافِظٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: دو سال کے اندر جو ہو صرف وہی رضاعت معتبر ہوتی ہے۔

4285- حَـدَّثَـنَـا اَبُوْ رَوْقٍ الْهِـزَّانِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رَوْحٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُوْلُ لَا رَضَاعَ اِلَّا فِى الْحَوْلَيْنِ فِى الصِّغَرِ .

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کم سنی میں رضاعت صرف وہی ہوتی ہے جو دو سال کے اندر ہو۔

4286- حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّـدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ مُـحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ قَتَادَةَ ح وَاَخْبَـرَنَـا الْـقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ بُلْبُلٍ اَبُوْ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَلَّامٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَـمَّـادُ بْـنُ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِى الْخَلِيْلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْمَصَّةِ الْوَاحِدَةِ اَتُحَرِّمُ قَالَ لَا . وَقَالَ اَبُوْ حَامِدٍ اِنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِىْ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ قَالَ يَا نَبِىَّ اللّٰهِ اَتُحَرِّمُ الرَّضْعَةُ الْوَاحِدَةُ قَالَ لَا .

☆☆ سیدہ اُم فضل رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک گھونٹ چوسنے کے بارے میں دریافت کیا گیا کہ کیا یہ حرمت کو ثابت کر دیتا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہیں!

ابوحامد نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: بنو عامر سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! کیا ایک مرتبہ چوسنے سے حرمت ثابت ہو جاتی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہیں!

4287- حَـدَّثَـنَـا اِبْـرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ

٤٢٨٥- اخرجه البيهقي في سننه (٧/٤٦٢) من طريق الدارقطني' به-واخرجه عبد الرزاق (٧/٤٦٥)(١٣٩٠٤) عن معمر عن ايوب عن نافع عن ابن عمر قال: (لا اعلم الرضاع الا ما كان في الصغر)-و اخرجه ايضا رقم (١٣٩٠٦) اخبرنا ابن جريج' اخبرني موسى بن عقبة عن نافع ان ابن عمر كان يقول: (لا نعلم الرضاع الا ما ارضع في الصغر)-

٤٢٨٦- اخرجه احمد (٦/٣٤٠)' و مسلم (١٤٥١)' و النسائي (٦/١٠٠)' و ابن ماجه (١٩٤٠)' و البيهقي (٧/٤٥٥)' و الطبراني في الكبير (٢٥/٣٢)(٢٨)' (٢٩) من طريق قتادة' به-و اخرجه عبد الرزاق (٧/٤٦٩) برقم (١٣٩٢٦)' و مسلم في صحيحه (١٤٥١)' و الدارمي (٢/١٥٧)' و الطبراني في الكبير (٢٥/٣٢)(٣٦)(٣٧)' و ابو يعلى (٧٠٧٢) من طريق ايوب' به- و سياتي رقم (٤٣٠١)' (٤٣٠٢)-

٤٢٨٧- اخرجه النسائي في الكبرى (٣/٣٠٠)(٥٤٥٩) قال: اخبرنا عبد الوارث بن عبد الصمد بن عبد الوارث' قال حدثني ابي...... فذكره موقوفا على عائشة- و عبد الوارث بن عبد الصمد: قال ابو حاتم: صدوق- وقال النسائي: لا باس به- و ذكره ابن حبان في الثقات: كما في تهذيب الكمال (٥/١٤)' و قال فيه الحافظ في (التقريب): صدوق-وقد خالف عبد الوارث بن عبد الصمد زيد بن اخزم في رفعه' و زيد ثبت حافظ- لكن الحديث اخرجه احمد ٦٠/٢٤٧)' و الدارمي (٢٢٥٦) من طريق يونس عن الزهري عن عروة عن عائشة' به مرفوعا- وقد تقدم من طريق ابن الزبير عنها مرفوعا- انظر رقم (٤٢٧٧)' و سياتي ايضا رقم (٤٣٠٣)-

الْمُعَلِّمِ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَلَا الْمَصَّتَانِ وَلٰكِنْ مَّا فَتَقَ الْاَمْعَاءَ.

36

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ یا دو مرتبہ چوسنے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی، حرمت اس کے ذریعے ثابت ہوتی ہے جو آنتوں کو سیراب کر دے۔

4288- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ زُهَيْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِيْدٍ اَبُوْ اُمَيَّةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقُطَامِيِّ حَدَّثَنَا اَبُو الْمُهَزِّمِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ امْرَاَةً جَاءَتْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنَّ فُلَانًا تَزَوَّجَ وَقَدْ اَرْضَعْتُهُمَا قَالَ كَيْفَ اَرْضَعْتِيهِمَا. قَالَتْ اَرْضَعْتُ الْجَارِيَةَ وَهِىَ بِنْتُ سِتِّ سِنِيْنَ وَنِصْفٍ وَّاَرْضَعْتُ الْغُلَامَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثِ سِنِيْنَ فَقَالَ اذْهَبِىْ فَقُوْلِىْ لَهٗ فَلْيُضَاجِعْهَا هَنِيْئًا مَرِيْئًا لَا رَضَاعَ بَعْدَ فِطَامٍ وَّاِنَّمَا يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا فِى الْمَهْدِ. ابْنُ الْقُطَامِيِّ ضَعِيْفٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی، اس نے عرض کی: فلاں شخص نے شادی کر لی ہے، جبکہ میں نے ان دونوں میاں بیوی کو دودھ پلایا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے ان دونوں کو کب دودھ پلایا تھا؟ تو اس خاتون نے جواب دیا: میں نے اس بچی کو اس وقت دودھ پلایا تھا جب وہ ساڑھے چھ سال کی تھی اور بچے کو اس وقت دودھ پلایا تھا جب وہ تین سال کا تھا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم جاؤ اور اس سے کہہ دو کہ اپنی بیوی کے ساتھ خوشی خوشی رہے کیونکہ دودھ پلانے کی عمر کے بعد رضاعت کا حکم ثابت نہیں ہوتا، وہ رضاعت حرمت ثابت کرتی ہے جو اس وقت ہو جب بچہ گود میں ہوتا ہے۔

4289- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُ بْنُ اَبِىْ مَرْيَمَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ- قَالَ وَقَدْ سَمِعْتُهٗ مِنْ عُقْبَةَ وَلٰكِنِّىْ لِحَدِيْثِ عُبَيْدٍ اَحْفَظُ- قَالَ تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً فَجَاءَتْنَا امْرَاَةٌ سَوْدَاءُ فَقَالَتْ قَدْ اَرْضَعْتُكُمَا. فَاَتَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنِّىْ تَزَوَّجْتُ فُلَانَةَ بِنْتَ فُلَانٍ فَجَاءَتْنَا امْرَاَةٌ سَوْدَاءُ فَقَالَتْ اِنِّىْ قَدْ اَرْضَعْتُكُمَا وَهِىَ كَاذِبَةٌ فَاَعْرَضَ عَنِّىْ فَاَتَيْتُهٗ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهٖ فَقُلْتُ اِنَّهَا كَاذِبَةٌ فَقَالَ كَيْفَ وَقَدْ زَعَمَتْ اَنَّهَا

۴۲۸۸- اخرجه ابن عدي في الكامل (۳۱۳/۴) اخبرنا احمد بن يحيى بن زهير، ثنا عبد الرحمن بن سعيد...... فذكره-وقد ذكر في ترجمة عبد الرحمن احاديث منكرة يرويها عن علي بن زيد و ابي المهزم، ثم قال: (و ابو المهزم الذي يروي عنه عبد الرحمن و علي بن زيد و هما جميعا في عداد الضعفاء الذين ذكرتهم في كتابي هذا؛ و لعل انكار هذه الاحاديث بعضه منهما لا من عبد الرحمن- اه-قلت: و ابو المهزم هو يزيد بن سفيان المصري متروك؛ كما قال الحافظ في التقريب (۸٤٦۳)-

۴۲۸۹- اخرجه عبد الرزاق (٤۸۲/۷) (۱۳۹٦۸) و في (۳۳٤/۸) (۱٥٤۳٥)، و البخاري (٥۱۰٤)، و ابو داود (۳٦۰٤)، و الترمذي (۱۱٥۱)، و النسائي (۱۰۹/٦)، و في الكبرى (۳۹٤/۳) (٦۰۲۸)، و الطبراني في الكبير (۳٥۲/۱۷) (۹۷٥)، و البيهقي (٤٦۳/۷) من طريق ايوب عن ابن ابي مليكة، به-واخرجه البخاري (۸۸)، (۲۰٥۲)، (۲٦٤۰)، (۲٦٥۹)، و النسائي في الكبرى (٤۳۰/۳) (٥۸٤٥) و في (٤۹۳/۳) (٦۰۳۷)، و احمد (۸۰۷/٤، ۳۸٤) من طرق عن عبد الله بن ابي مليكة انه سمع عقبة بن الحارث و لم يذكر فيه عبيد بن ابي مريم- و الصواب: انه سمعه من عبيد ابن ابي مريم، و سمعه من عقبة بن الحارث- و انظر الارواء (۲۱٥٤)-

اَرْضَعْتُكُمَا دَعْهَا عَنْكَ .

☆☆ حضرت عقبہ بن حارث بیان کرتے ہیں: میں نے ایک خاتون کے ساتھ شادی کر لی' ایک سیاہ فام عورت ہمارے پاس آئی اور بولی: میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے۔ (راوی کہتے ہیں:) میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' میں نے عرض کی: میں نے فلاں کی صاحبزادی' فلاں لڑکی سے شادی کی ہے' تو ایک سیاہ فام عورت ہمارے پاس آئی اور اس نے کہا کہ میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے' وہ عورت جھوٹ بولتی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے منہ پھیر لیا' میں دوسری طرف سے آپ کے سامنے آیا تو میں نے عرض کی: وہ جھوٹ بولتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اب کیا ہوسکتا ہے؟ جبکہ اس نے یہ بات بیان کر دی ہے کہ اس نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے' تم اس عورت کو (یعنی اپنی بیوی کو) اپنے سے الگ کر دو۔

4290- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ حَدَّثَنِىْ عُقْبَةُ بْنُ الْحَارِثِ ثُمَّ قَالَ لَمْ يُحَدِّثْنِىْ وَلٰكِنْ سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ قَالَ تَزَوَّجْتُ بِنْتَ اَبِىْ اِهَابٍ فَجَاءَتِ امْرَاَةٌ سَوْدَاءُ فَقَالَتْ اِنِّىْ قَدْ اَرْضَعْتُكُمَا فَاَتَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْتُهُ فَاَعْرَضَ عَنِّىْ ثُمَّ سَاَلْتُهُ فَاَعْرَضَ عَنِّىْ ثُمَّ سَاَلْتُهُ فَاَعْرَضَ عَنِّىْ وَقَالَ فَقَالَ فِى الرَّابِعَةِ اَوِ الثَّالِثَةِ كَيْفَ بِكَ وَقَدْ قِيْلَ . قَالَ وَنَهَاهُ عَنْهَا.

☆☆ حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ابواہاب کی صاحبزادی کے ساتھ شادی کر لی۔ ایک سیاہ فام عورت آئی اور بولی: میں نے تم دونوں (میاں بیوی) کو دودھ پلایا ہے۔ (حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:) میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے آپ سے اس بارے میں دریافت کیا تو آپ نے مجھ سے منہ پھیر لیا۔ میں نے دوبارہ آپ سے دریافت کیا تو آپ نے پھر منہ پھیر لیا۔ میں نے چوتھی مرتبہ یا شاید تیسری مرتبہ دریافت کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: اب کیا ہوسکتا ہے؟ جبکہ یہ بات بیان کی جا چکی ہے۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان صاحب کو اس خاتون کے ساتھ تعلق قائم کرنے سے روک دیا۔

4291- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ اَبُوْ عَاصِمٍ وَّاَخْبَرَنِىْ عُمَرُ بْنُ سَعِيْدٍ وَّاَخْبَرَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمٍ وَّاَخْبَرَنِىْ اَبُوْ عَامِرٍ الْخَزَّازُ- وَهٰذَا حَدِيْثُ ابْنِ جُرَيْجٍ- قَالَ تَزَوَّجْتُ بِنْتَ اَبِىْ اِهَابٍ .وَسَاقَ الْحَدِيْثَ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' اس میں یہ الفاظ ہیں: میں نے ابواہاب کی صاحبزادی کے ساتھ شادی کر لی۔

4292- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ

۴۲۹۰-اخرجه الدارمي (۱۵۷/۲) عن ابي عاصم' به- و انظر الذي قبله-

۴۲۹۱-تقدم في (۴۲۸۹)-

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ حُسَيْنٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَيْكَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ اَنَّ امْرَاَةً سَوْدَاءَ جَاءَتْ فَزَعَمَتْ اَنَّهَا اَرْضَعَتْهُمَا وَكَانَتْ تَحْتَهُ بِنْتُ اَبِیْ اِهَابٍ التَّيْمِیِّ فَاَعْرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَبَسَّمَ ثُمَّ قَالَ كَيْفَ وَقَدْ قِيْلَ.

☆☆ حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک سیاہ فام عورت آئی اور اس نے یہ بیان کیا کہ میں نے ان دونوں (میاں بیوی) کو دودھ پلایا ہے۔ حضرت عقبہ کی اہلیہ ابواہاب کی صاحبزادی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے منہ پھیر لیا' پھر آپ مسکرا دیئے اور ارشاد فرمایا: اب کیا ہوسکتا ہے جب کہ یہ بات بیان کی جا چکی ہے۔

4293- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ عَرُوْبَةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَيْكَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً فَدَخَلَتْ عَلَيْنَا سَوْدَاءُ فَسَاَلَتْ فَاَبْطَاْنَا عَلَيْهَا فَقَالَتْ تَصَدَّقُوْا عَلَیَّ فَوَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْضَعْتُكُمَا جَمِيْعًا. فَاَتَيْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ دَعْهَا عَنْكَ لَا خَيْرَ لَكَ فِيْهَا.

☆☆ حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک خاتون کے ساتھ شادی کی' ایک سیاہ فام عورت اس کے پاس آئی' اس نے کچھ مانگا' ہم نے اسے دینے میں دیر کی تو وہ بولی: تم میری اس بات کی تصدیق کرو' اللہ کی قسم! میں نے تم دونوں میاں بیوی کو دودھ پلایا ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات کا تذکرہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنی بیوی کو اپنے سے الگ کر دو' تمہارے لیے اس میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔

4294- قُرِءَ عَلٰى اَبِیْ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ وَهِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ وَغَيْرِهِمَا عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتِ اسْتَاْذَنَ عَلَیَّ عَمِّیْ اَفْلَحُ بْنُ اَبِی الْقُعَيْسِ بَعْدَ مَا نَزَلَ الْحِجَابُ فَلَمْ اٰذَنْ لَهٗ فَاَتَى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْتُهٗ فَقَالَ ائْذَنِیْ لَهٗ فَاِنَّهٗ عَمُّكِ. قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّمَا اَرْضَعَتْنِی الْمَرْاَةُ وَلَمْ يُرْضِعْنِی الرَّجُلُ. قَالَ ائْذَنِیْ لَهٗ فَاِنَّهٗ عَمُّكِ.

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میرے چچا افلح بن ابوالقعیس نے حجاب کا حکم نازل ہو جانے کے بعد میرے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی تو میں نے انہیں اجازت نہیں دی۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے (بعد میں) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد

۴۲۹۲- تقدم في (۴۲۸۹)-

۴۲۹۳- تقدم في (۴۲۸۹)-

۴۲۹۴- اخرجه الحميدي (۲۲۹)، و احمد (۳۸/۶)، و مسلم (۱۴۴۵/۴)، و ابن ماجه (۱۹۴۸) من طريق سفيان عن الزهري' به- والحديث اخرجه البخاري (۲۶۴۴)، (۴۷۹۶)، (۵۱۰۳)، (۵۱۱۱)، (۵۲۳۹)، (۶۱۵۶)، و مسلم (۱۴۴۵)، و ابو داود (۲۰۵۷)، و الترمذي (۱۱۴۸)، و النسائي (۹۹/۶) (۱۰۳/۶)، و ابن ماجه (۱۹۳۷)، (۱۹۴۹)، و احمد (۳۳/۶، ۳۸، ۱۷۷، ۱۹۴، ۲۰۱، ۲۷۱) من طرق عن عروة بن الزبير عن عائشة' به- و انظر الحديث التالي (۴۲۹۵)-

فرمایا: تم نے اسے اجازت دے دینی تھی کیونکہ وہ تمہارا چچا ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے عورت نے دودھ پلایا ہے مجھے مرد نے دودھ نہیں پلایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے اسے اجازت دے دینی تھی کیونکہ وہ تمہارا چچا ہے۔

4295- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ اَنَّ اَفْلَحَ اَخَا اَبِى الْقُعَيْسِ جَاءَ يَسْتَاْذِنُ عَلَيْهَا وَهُوَ عَمُّهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ بَعْدَ اَنْ نَزَلَ الْحِجَابُ قَالَتْ فَاَبَيْتُ اَنْ اٰذَنَ لَهٗ فَلَمَّا جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرْتُهٗ بِالَّذِىْ صَنَعْتُ فَاَمَرَنِىْ اَنْ اٰذَنَ لَهٗ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ابوالقعیس کے بھائی افلح آئے اور ان کے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی' وہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے رضاعی بھائی تھے' یہ حجاب کا حکم نازل ہونے کے بعد کی بات ہے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے انہیں اجازت دینے سے انکار کر دیا' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آئے تو میں نے آپ کو اپنے طرزِ عمل کے بارے میں بتایا تو آپ نے ہدایت کی کہ میں انہیں (گھر کے اندر آنے کی) اجازت دے دیا کروں۔

4296- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقُطَعِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ.

وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَقَدْ نَزَلَتْ اٰيَةُ الرَّجْمِ وَرَضَاعَةُ الْكَبِيْرِ عَشْرًا فَلَقَدْ كَانَتْ فِىْ صَحِيْفَةٍ تَحْتَ سَرِيْرِىْ فَلَمَّا مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شُغِلْنَا بِمَوْتِهٖ فَدَخَلَ الدَّاجِنُ فَاَكَلَهَا.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: پہلے یہ آیت نازل ہوئی تھی جس میں سنگسار کا حکم تھا اور وہ آیت نازل ہوئی تھی جس میں یہ حکم تھا کہ بڑے بچے کو دس مرتبہ دودھ پلانے سے رضاعت ثابت ہو جاتی ہے۔ میرے پاس صحیفے میں یہ بات موجود تھی جو میرے بستر کے نیچے تھا' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا اور آپ کے وصال کی وجہ سے ہم مصروف رہے' تو اسی دوران بکری اندر آئی اور اس نے اسے کھالیا۔

٤٢٩٥- تقدم في الذي قبله' و قد وقع في هذه الرواية (افلح اخا ابي القعيس)' و في رواية سفيان السابقة (افلح بن ابي القعيس)- قال الحافظ ابن حجر في فتح الباري (١٠/١٨٧): (والمحفوظ: افلح اخو ابي القعيس' و يحتمل ان يكون اسم ابيه: قعيسا' او اسم جده: فنسب اليه: فتكون كنية ابي القعيس و افقت اسم ابيه او اسم جده' و يويده ما وقع في الادب من طريق عقيل عن الزهري بلفظ: (فان اخا بني القعيس)' و كذا وقع عند النسائي من طريق وهب بن كيسان عن عروة وقد مضى في تفسير الاحزاب من طريق شعيب عن ابن شهاب بلفظ: (ان افلح اخا ابي القعيس)' و كذا لمسلم من طريق يونس و معمر عن الزهري' و هو المحفوظ عن اصحاب الزهري' لكن وقع عن مسلم من رواية ابن عيينة عن الزهري (افلح بن ابي القعيس)' و كذا لابي داود من طريق الثوري عن هشام بن عروة عن ابيه' و لمسلم من طريق ابن جريج عن عطاء)- اه-

٤٢٩٦- اخرجه ابن ماجه (١٩٤٤)' و ابو يعلى (٤٥٨٧) من طريق عبد الاعلى' به- و فيه تدليس ابن اسحاق- لكن اخرجه احمد (٦/٢٦٩): قال: حدثنا يعقوب' قال: حدثنا ابي عن ابن اسحاق قال: حدثني عبد الله بن ابي بكر...... فذكره- و اخرجه ابن ماجه (١٩٤٤)' و ابو يعلى (٤٥٨٨) من طريق محمد بن اسحاق عن عبد الرحمن بن القاسم عن ابيه عن عائشة' به-

4297- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرٍو يَعْنِىْ ابْنَ دِيْنَارٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ سُئِلَ عَنْ شَىْءٍ مِّنْ اَمْرِ الرَّضَاعَةِ فَقَالَ لَا اَعْلَمُ اِلَّا اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ حَرَّمَ الْاُخْتَ مِنَ الرَّضَاعَةِ فَقِيْلَ لَهُ فَاِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ يَقُوْلُ لَا تُحَرِّمُ الرَّضْعَةُ وَلَا الرَّضْعَتَانِ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ قَضَاءُ اللّٰهِ تَعَالٰى خَيْرٌ مِّنْ قَضَائِكَ وَقَضَاءِ ابْنِ الزُّبَيْرِ.

